Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 پیر، 06 مارچ 2023ء، 13 شعبان المعظم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 286

پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما نے کہا کہ میں اس نااہل اور پاکستان دشمن حکومت کو خبردار کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کو مزید بحران میں نہ دھکیلیں اور ہوش سے کام لیں

عمران خان کی گرفتاری حالات کو شدید خراب کرے گی، پی ٹی آئی

گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا، بنیادی طور پر عمران خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے ہیں، جوڈیشل کمپلیکس میں بھی پیش ہوئے ہیں، پیشی کے بعد اتنا وقت ہی نہیں بچا تھا کہ دوسری عدالت میں جا سکیں

عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کی خبر سن کر پاکستان تحریک انصاف کی سینئر لیڈرشپ زمان پارک پہنچنا شروع ہوگئی ہے، شاہ محمود قریشی، حماد اظہر، اسد عمر، اعظم سواتی، فواد چودھری، عمر ایوب سمیت سینئر پارٹی رہنما زمان پارک میں موجود ہیں

لاہور (خصوصی خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماں نے کہا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری کی کوئی بھی کوشش حالات کو شدید خراب کر دے گی، پی ٹی آئی کارکنان فوری زمان پارک پہنچیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما فواد چودھری نے کہا کہ میں اس نااہل اور پاکستان دشمن حکومت کو خبردار کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کو مزید بحران میں نہ دھکیلیں اور ہوش سے کام لیں۔ پی ٹی آئی رہنما فرخ حبیب نے کہا کہ گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا، بنیادی طور پر عمران خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے ہیں، جوڈیشل کمپلیکس میں بھی پیش ہوئے ہیں، پیشی کے بعد اتنا وقت ہی نہیں بچا تھا کہ دوسری عدالت میں جا سکیں، ہمیں کوئی گارنٹی دے دی جائے کہ خان صاحب کی جان پر کوئی حملہ نہیں ہوگا۔ سابق وفاقی وزیر حماد اظہر نے بھی ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں پی ٹی آئی کارکنان کو فوری طور پر زمان پارک پہنچنے کی ہدایت کی ہے۔ خیال رہے کہ اسلام آباد پولیس توشہ خانہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کیلئے لاہور زمان پارک میں موجود ہے۔ عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کی خبر سن کر پاکستان تحریک انصاف کی سینئر لیڈرشپ زمان پارک پہنچنا شروع ہوگئی ہے، شاہ محمود قریشی، حماد اظہر، اسد عمر، اعظم سواتی، فواد چودھری، عمر ایوب سمیت سینئر پارٹی رہنما زمان پارک میں موجود ہیں۔

عمران خان کی گرفتاری نہ ہوسکی، اسلام آباد پولیس واپس روانہ

رہائش کے باہر موجود کارکنان کا کہنا ہے کہ عمران خان کو گرفتار کرنے کی کوشش ہوئی تو مزاحمت کی جائے گی

لاہور (خصوصی رپورٹر) عمران خان کی گرفتاری نہ ہوسکی، اسلام آباد پولیس واپس روانہ ہوگئی۔ پولیس حکام کے مطابق جب پولیس اہلکار عمران خان کے کمرے میں پہنچے تو وہ کمرے میں موجود نہیں تھے۔ زمان پارک لاہور میں عمران خان کی رہائش کے باہر موجود کارکنان (بقیہ نمبر 3)

امپورٹڈ ٹولہ ہوش کے ناخن لے، عام انتخابات کا اعلان کرے، مسرت چیمہ

ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام پورے ملک میں شفاف انتخابات کے انعقاد سے ہی ممکن ہے، مرکزی رہنما پی ٹی آئی

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستانی عوام نے انتخابی مہم کے آغاز سے قبل ہی پی ٹی آئی کے حق میں اپنا واضح فیصلہ سنا دیا ہے، عمران خان کا خطاب سننے کیلئے مختلف مقامات پر ہزاروں کا اکٹھ پی ڈی (بقیہ نمبر 2)

عمران خان کی گرفتاری کی کوئی بھی کوشش حالات کو خراب کردے گی، فواد چوہدری

ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ توشہ خانہ کا مطلب کیا ہے؟

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری کی کوئی بھی کوشش حالات کو شدید خراب کر دے گی۔ ایک بیان میں فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ میں اس نااہل اور پاکستان دشمن حکومت کو خبردار (بقیہ نمبر 1)

امیر قطر نے قطر کی ترقی میں پاکستانی محنت کشوں کی کاوشوں کو سراہا اور فیفا ورلڈ کپ کے کامیاب انعقاد کے موقع پر پاکستانی سیکیورٹی حکام کی شاندار کارکردگی کو سراہا

وزیراعظم کی امیر قطر سے ملاقات

باہمی دلچسپی امور پر گفتگو

ملاقات میں وزیراعظم اور شیخ تمیم بن حمد آل ثانی کے درمیان دوطرفہ باہمی مفاد کے امور پر تبادلہ خیال، پاکستان اور قطر کے درمیان معاشی اور سرمایہ کاری سمیت تعاون کو مزید بڑھانے کے طریقوں پر بات چیت بھی کی گئی

وزیراعظم شہباز شریف نے دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانے کے وسیع مواقعوں کو اجاگر کیا، سرمایہ کاری، تجارتی اور پاکستان سے ہنرمند افراد کی قطر برآمد کے طریقوں اور ذرائع بڑھانے پر بات چیت بھی کی گئی

امیر قطر نے وزیراعظم شہباز شریف کو قطر آمد پر خوش آمدید کہا، امیر قطر نے پاکستان اور قطر کے درمیان معاشی تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، وزیراعظم نے امیر قطر کو دورہ پاکستان کی دعوت دی جسے انہوں نے قبول کرلیا

دوحہ (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے دوحہ پہنچنے کے بعد امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعظم اور شیخ تمیم بن حمد آل ثانی کے درمیان دوطرفہ باہمی مفاد کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس کے علاوہ پاکستان اور قطر کے درمیان معاشی اور سرمایہ کاری سمیت تعاون کو مزید بڑھانے کے طریقوں پر بات چیت بھی کی گئی۔ امیر قطر نے قطر کی ترقی میں پاکستانی محنت کشوں کی کاوشوں کو سراہا اور فیفا ورلڈ کپ کے کامیاب انعقاد کے موقع پر پاکستانی سیکیورٹی حکام کی شاندار (بقیہ نمبر 4)

دوحہ: وزیراعظم شہباز شریف کی امیر قطر سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو

عمران خان کی گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا، فرخ حبیب

اسلام آباد (رانا فہد سے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ اپنے بیان میں پی ٹی آئی رہنما فرخ حبیب نے کہا کہ (بقیہ نمبر 5)

شیر بیگناہ بھی ہو تو بیٹی کا ہاتھ تھام کر گرفتاری دیتا ہے: مریم نواز

گیدڑ چور ہو تو گرفتاری سے ڈر کے دوسروں کی بیٹیوں کو ڈھال بنا کر چھپ جاتا ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ شیر بے گناہ ہو تو بیٹی کا ہاتھ تھام کر لندن سے پاکستان آکر گرفتاری دیتا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر مریم نواز نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر سابق وزیراعظم عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کے (بقیہ نمبر 6)

قوم چوروں کیخلاف کھڑی نہ ہوئی تو پھر ہمارا کوئی مستقبل نہیں، عمران خان

سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ تنخواہ دار طبقہ مہنگائی میں پس گیا ہے، جن کو ملک پر مسلط کیا گیا ان کا پیسہ باہر پڑا ہے

کسی انسان، کسی ادارے کے سامنے کبھی جھکا نہ آپ کو جھکنے دوں گا، چور اور ڈاکو صورتحال جہاں لے گئے، ہجوم نہیں قوم اس کا مقابلہ کرے گی

لاہور (خبر نگار) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ اگر قوم چوروں کے خلاف کھڑی نہ ہوئی تو ہمارا کوئی مستقبل نہیں۔ زمان پارک میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ تنخواہ دار طبقہ مہنگائی میں پس گیا ہے، جن کو (بقیہ نمبر 7)

لاہور: لاہور ہائی کورٹ میں عمران خان کیخلاف توہین عدالت کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

عمران خان کی گرفتاری مشکل کام نہیں ہے، کارکن گرفتاری میں رکاوٹ نہیں ڈال سکتے، رانا ثناء اللہ

عمران خان کی گرفتاری حکومت کیلئے کوئی مسئلہ نہیں ہے جس دن فیصلہ ہوا انہیں گرفتار کر لیا جائے گا، وفاقی وزیر داخلہ

عمران خان جھوٹا پراپیگنڈا کر کے عدالتوں میں پیش نہ ہونے اور سزا سے بچنے کیلئے بہانے ڈھونڈ رہا ہے، رانا ثناء اللہ

فیصل آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری مشکل کام نہیں ہے، اسلام آباد پولیس عدالتی احکامات پر عمل درآمد کروانے کیلئے زمان پارک پہنچی ہے، حکومت نے فیصلہ کیا تو کارکن گرفتاری میں رکاوٹ نہیں ڈال سکتے۔ زرعی یونیورسٹی میں نیزہ بازی چیمپئن (بقیہ نمبر 12)

پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم ایک سکے کے دو رخ ہیں، سینیٹر مشتاق احمد

دونوں حکومتوں کی پالیسیاں امریکا اور آئی ایم ایف کی غلام ہیں، رہنما جماعت اسلامی

دیر بالا (نیوز رپورٹر) جماعت اسلامی کے رہنما سینیٹر مشتاق احمد کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ مشتاق احمد نے دیر بالا میں مہنگائی اور بدامنی کے خلاف (بقیہ نمبر 8)

راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی کا کو چلاس میں پیش آنے والے حادثے پر اظہار افسوس

اسلام آباد، (رانا فہد سے) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی اسپیکر زاہد اکرم درانی کا راولپنڈی سے سکردو جانے والی بس کو چلاس میں پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار۔ بس میں سوار طلبا اور دیگر کے جانی نقصان پر دل رنجیدہ ہے، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی حادثے میں جاں بحق افراد کے اہلخانہ کے غم اور دکھ میں برابر کے شریک (بقیہ نمبر 10)

مظفر گڑھ ضلع کونسل کا اکاؤنٹنٹ زوہیب حمید گرفتار، مزید تفتیش کیلئے لاہور منتقل

ملزم کو پی ٹی آئی ایم پی ایز کو مالی فوائد میں مدد دینے کے الزامات پر گرفتار کیا گیا

مظفر گڑھ (جنرل رپورٹر) مظفر گڑھ سے سابق رکن پنجاب اسمبلی عبدالحئی دستی کے گھر سے 15 کروڑ روپے کی برآمدگی کا معاملے میں پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ذرائع اینٹی کرپشن کے مطابق ادارے نے مظفر گڑھ ضلع کونسل کے اکاؤنٹنٹ زوہیب حمید کو گرفتار کرلیا ہے، جسے مزید تفتیش کیلئے لاہور (بقیہ نمبر 9)

سب سے سمجھوتے کی بات سمجھوتہ نہیں NRO کیلئے منتیں ہیں، مریم اورنگزیب

عمران خان کی 'رجیم ہٹانے والوں'، 'امپورٹڈ حکومت' اور خود پر 'حملہ کرانے والوں'، سب سے سمجھوتے کی بات، سمجھوتہ نہیں

وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ عمران خان روئیں یا چیخیں، ان سے سمجھوتہ کرنے کو کوئی تیار نہیں ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ سب سے سمجھوتے کی بات، سمجھوتہ نہیں، این آر او کے لیے منتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سمجھوتے کی بات اس لیے کر رہے ہیں کہ ہیروں، 190 ملین پاؤنڈ اور القادر ٹرسٹ کی ٹرسٹی کا جواب نہ دینا پڑے۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ عمران خان روئیں یا چیخیں، ان سے سمجھوتہ کرنے کو کوئی تیار نہیں ہے۔ ایک بیان میں مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ عمران خان کی 'رجیم ہٹانے والوں'، 'امپورٹڈ حکومت' اور خود پر 'حملہ کرانے والوں'، سب سے سمجھوتے کی بات، سمجھوتہ نہیں، این آر او کے لیے منتیں ہیں۔ عمران خان روئیں یا چیخیں، ان سے سمجھوتہ کرنے کو کوئی تیار نہیں وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ عمران خان روئیں یا چیخیں، ان سے سمجھوتہ کرنے کو کوئی تیار نہیں ہے (بقیہ نمبر 11)

ایشیا کی سب سے بڑی فوجی مشقوں کوبرا گولڈ کا آغاز

پاکستان، امریکا اور جاپان سمیت 7 ہزار سے زائد فوجی شریک

اسلام آباد (خبر نگار) تھائی لینڈ میں ایشیا کی سب سے بڑی فوجی مشقیں کوبرا گولڈ کا آغاز ہوگیا۔ مشقوں میں 30 ممالک کے 7 ہزار سے زائد فوجی شریک ہیں، جب کہ پاکستان کے علاوہ تھائی (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: عدالتی فیصلہ آئے گا تو عمران خان کو گرفتار کرلیا جائے گا، رانا ثناءاللہ

لاہور: پی ٹی آئی نے جیل بھرو تحریک دوبارہ شروع کرنے کا عندیہ دے دیا

لاہور: ٹریکٹر ٹرالی کی چنگ چی کو ٹکر، 3 افراد جاں بحق، 2 زخمی

لاہور (نیوز رپورٹر) لوئر مال کے علاقے میں ٹریکٹر ٹرالی کی چنگ چی کو ٹکر کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور دو زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں امجد بھٹی، سجاد احمد اور عثمان شامل ہیں جبکہ دو زخمی افراد کو فوری طور پر مقامی ہسپتال پہنچایا گیا جہاں پر ان (بقیہ نمبر 15)

ایگریس ٹاؤن رائیونڈ روڈ پر فری ڈسپنسری کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

ہائیکورٹ بار کے سابق صدر مقصود بٹر، صدر ایگریس ٹاؤن حاجی سرفراز وڑائچ نے سنگ بنیاد رکھا

لاہور (خصوصی رپورٹر) ایگریس ٹاؤن رائیونڈ روڈ پر فری ڈسپنسری کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ بار کے سابق صدر مقصود بٹر اور صدر ایگریس ٹاؤن حاجی سرفراز وڑائچ نے فری (بقیہ نمبر 14)

قانونی کارروائی میں غلط بیانی، وفاقی پولیس کا شبلی فراز کیخلاف کارروائی کا اعلان

خیال رہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے چیف آف سٹاف شبلی فراز نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری وصول کیے تھے

عمران خان رہائش پر موجود نہیں، قانونی کارروائی کی راہ میں غلط بیانی سے کام لینے پر شبلی فراز کیخلاف کارروائی کی جائے گی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعظم عمران خان کی زمان پارک میں موجودگی سے متعلق غلط بیانی پر اسلام آباد پولیس نے شبلی فراز کیخلاف کارروائی کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد پولیس کے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ سے شیئر کیے گئے پیغام میں کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا کہ عمران خان رہائش پر موجود

گوادر: گوادر: فورسز کی گاڑی ریموٹ کنٹرول بم سے ٹکرا گئی، 1 اہلکار شہید، 8 زخمی

غریب چوکیدار کی لائق فائق بیٹی نے باپ کا خواب سچ ثابت کردیا

راولاکوٹ (نیوز رپورٹر) غریب چوکیدار کی لائق فائق بیٹی نے باپ کا خواب سچ ثابت کر دیا غریب کی بیٹی کا میڈیکل کالج میں داخلہ ہوگیا محنت کش غریب باپ کی بیٹی ڈاکٹر بنے گی باپ خوشی سے نہال راولاکوٹ شہر میں رہائش پزیر محکمہ جنگلات کے چوکیدار حفیظ خان عرف چینی کی خواہش (بقیہ نمبر 17)

ون ڈش کی خلاف ورزی پر النور میرج ہال کی انتظامیہ کو 40 ہزار روپے جرمانہ

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر چک جھمرہ سلمان ظفر نے میرج ایکٹ پر عملدرآمد کو چیک کیا اور ون ڈش کی خلاف ورزی پر النور میرج ہال کی انتظامیہ کو 40 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 19)

حکمران مخالفین کو قتل کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے، خرم نواز گنڈا پور

پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی کے نومنتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سیکرٹری جنرل پاکستان عوامی تحریک خرم نواز گنڈاپور نے کہا ہے کہ موجودہ حکمران دشمنی میں اس قدر آگے جا چکے ہیں کہ اپنے مخالفین کو قتل کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے، سانحہ ماڈل ٹاؤن اور عمران خان اس کی بڑی مثالیں ہیں، حکومت نے ملکی معیشت تباہ کر کے غریبوں سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے، عوام اگر چاہتے ہیں کہ یہ ظالمانہ نظام بدلے تو انہیں ڈاکٹر طاہر القادری کے ایجنڈے کے ساتھ کھڑا ہونا پڑے گا، انتخابات کو تمام مسائل کا حل سمجھنے والے ایک بار روئیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ضلعی سیکرٹریٹ میں پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی کے نومنتخب عہدیداروں صدر غلام علی خان، جنرل سیکرٹری سعید راجہ، آرگنائزر سردار نسیم انجم، ڈپٹی جنرل سیکرٹری امجد عباسی، سیکرٹری فنانس ملک خالد اور سیکرٹری انفارمیشن سہیل عباسی سے حلف لینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر پاکستان عوامی تحریک شمالی پنجاب قاضی شفیق الرحمان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ خرم نواز گنڈا پور کا مزید کہنا تھا کہ ہر گزرتا دن ڈاکٹر طاہر القادری کے موقف کو سچ ثابت کر رہا ہے، کارکن اپنی جدوجہد جاری رکھیں اور لوگوں کو مروجہ استحصالی نظام کی قباحتوں سے آگاہ کرتے اور انہیں اس کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار کرتے رہیں، پاکستان سے ہر استحصال کا خاتمہ ہماری منزل ہے۔

ہماری مٹی کی خوشبو، لہلہاتے کھیت، بہتے دریا قدرت کا تحفہ ہیں۔ سیکرٹری اطلاعات وثقافت

محکمہ اطلاعات وثقافت کے زیر اہتمام جشن بہاراں کی تقریبات کا آغاز ہو گیا

کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی نگرانی میں پہلی دفعہ جشن بہاراں کی) سپانسرڈ (تقریبات شہر بھر میں ہو رہی ہیں

قدرت کے رنگوں سے لطف اندوز ہونا انسانیت کے لئے اطمینان کا باعث ہے، علی نواز ملک

ایڈیشنل سیکرٹری اطلاعات وثقافت نازیہ جبیں نے جشن بہاراں تقریبات کا افتتاح کیا

تقریبات کا مقصد عوام کو اپنی تہذیب وثقافت کے رنگ دیکھنے کا موقع مہیا کرنا ہے۔ نازیہ جبیں

نامور فوک گلوکار فضل جٹ اور شاہد لوہار اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پرفارم کیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ اطلاعات وثقافت کے زیر اہتمام جشن بہاراں کی تقریبات کا آغاز ہوگیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری اطلاعات وثقافت نازیہ جبیں نے جشن بہاراں تقریبات کا افتتاح کیا۔ سیکرٹری اطلاعات وثقافت علی نواز ملک نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ ہماری مٹی کی خوشبو، لہلہاتے کھیت، بہتے دریا قدرت کا تحفہ ہیں، قدرت کے رنگوں سے لطف اندوز ہونا انسانیت کے لئے اطمینان کا باعث ہے، جشن بہاراں اعلی انسانی وسماجی ومعاشرتی قدروں کے اظہار کا ذریعہ ہے، لوک موسیقی، محفل غزل، خواتین اور مزاحیہ مشاعرہ، مصوری کی نمائش بھی جشن بہاراں میں منعقد ہونگی۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی نگرانی میں پہلی دفعہ جشن بہاراں کی) سپانسرڈ (تقریبات شہر بھر میں ہو رہی ہیں۔ ایڈیشنل سیکرٹری اطلاعات وثقافت نازیہ جبیں نے جشن بہاراں تقریبات کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ تقریبات کا مقصد عوام کو اپنی تہذیب وثقافت کے رنگ دیکھنے کا موقع مہیا کرنا ہے۔ نامور فوک گلوکار فضل جٹ اور شاہد لوہار اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پرفارم کیا۔ جشن بہاراں کی تقریبات ہفتہ بھر جاری رہیں گی۔ جشن بہاراں تقریبات 5 تا 12 مارچ 2023 تک جاری رہیں گی۔

INFORMATION & CULTURE DEPARTMENT
Government of The Punjab

عمران خان کی گرفتاری حالات کو شدید خراب کرے گی، پی ٹی آئی

میں اس نااہل اور پاکستان دشمن حکومت کو خبردار کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کو مزید بحران میں نہ دھکیلیں

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ عمران خان کی گرفتاری کی کوئی بھی کوشش حالات کو شدید خراب کر دے گی، پی ٹی آئی کارکنان (بقیہ نمبر 18)

شریف برادران عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں، سلیم رضا

عام انتخابات ہوں یا ضمنی انتخابات ہوں عوام مسلم لیگ (ن) کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریگی

مسلم لیگ (ن) انتخابات میں دو تہائی اکثریت سے وفاق اور چاروں صوبوں میں حکومت بنائیگی

لاہور (غلام عباس سے) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ شریف برادران عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں، عام انتخابات ہوں یا ضمنی انتخابات ہوں عوام مسلم لیگ (ن) کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریگی، مسلم لیگ (ن) انتخابات میں دو تہائی اکثریت سے وفاق اور چاروں صوبوں میں حکومت بنائیگی۔

عمران خان جرات وہمت نواز شریف سے ادھار مانگ لے، خواجہ آصف

سیاسی رہنما قید کی صعوبتیں عزت اور وقار کے ساتھ برداشت کرتے ہیں، اس شخص کو کوئی شرم حیا نہیں ہے، مثال نیلسن منڈیلا کی دیتا ہے

اسلام آباد پولیس سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کیلئے وارنٹ گرفتاری کے ساتھ لاہور میں موجود ہے

اسلام آباد: عمران خان جرات وہمت نوازشریف سے ادھار مانگ لے، خواجہ آصف

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمران خان نواز شریف سے جرات وہمت ادھار مانگ لے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کے حوالے سے لیگی رہنما خواجہ آصف نے کہا کہ چوہے کی طرح چھپا ہوا ہے، ورکروں کو کہہ رہا ہے جیلیں بھر دو، سیاسی رہنما اپنے عقائد اور نظریات کیلئے قربانیاں دیتے ہیں۔ خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ سیاسی رہنما قید کی صعوبتیں عزت اور وقار کے ساتھ برداشت کرتے ہیں، اس شخص کو کوئی شرم حیا نہیں ہے، مثال نیلسن منڈیلا کی دیتا ہے۔ خیال رہے کہ اسلام آباد (بقیہ نمبر 22)

ڈی آئی خان میں ٹریلر نے 2 بچوں سمیت 5 افراد کو کچل دیا

ٹریلر بریک فیل ہونے کے باعث ٹرک سے ٹکرا گیا، پولیس

واقعہ درازندہ کے علاقے سروبی میں پیش آیا، ابتدائی تفتیش میں انکشاف، پولیس

ڈیرہ اسماعیل خان (نیوز رپورٹر) درازندہ کے علاقے سروبی میں ٹریلر نے 5 افراد کو کچل دیا۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں ٹریلر اور ٹرک کے تصادم میں 5 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور لاشوں اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ واقعہ درازندہ کے علاقے سروبی میں پیش آیا، جہاں ٹریلر بریک فیل ہونے کے باعث ٹرک سے ٹکرا گیا، اس دوران 2 (بقیہ نمبر 23)

جڑانوالہ ایس پی بلال محمود سلہری کی ہدایت پر منشیات فروشوں کیخلاف گرینڈ آپریشن

جڑانوالہ (جنرل رپورٹر) ایس پی جڑانوالہ بلال محمود سلہری کی ہدایت پر سٹی پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے شراب اور چرس کی بھاری مقدار سمیت 7 منشیات کے ڈیلر گرفتار کر کے انکے خلاف مقدمات درج کر لئے۔ منشیات فروشوں کیخلاف درج مقدمات میں منشیات پینے اور فروخت کرنے کی دفعات شامل (بقیہ نمبر 24)

پنجاب حکومت کا عورت مارچ کے شرکاء کو سیکیورٹی دینے کا فیصلہ

مارچ کے انعقاد میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی جائے گی، صوبائی وزیر

لاہور (غلام عباس سے) نگران وزیر اطلاعات عامر میر نے کہا کہ عورت مارچ کے شرکا کو پولیس کی مکمل سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا ہے کہ عورت مارچ میں شریک خواتین کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا، حکومت کی جانب سے عورت مارچ کے انعقاد میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی جائے گی انہوں نے کہا کہ نگران حکومت شخصی آزادیوں پر یقین رکھتی ہے امید ہے عورت مارچ پرامن طریقے سے منعقد ہوگا اور مارچ کے منتظمین کے تحفظات دور کر دیئے گئے ہیں۔ نگران وزیر اطلاعات عامر میر نے کہا کہ عورت مارچ کے شرکا کو پولیس کی مکمل سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ صوبائی وزیر کا کہنا ہے کہ عورت مارچ میں شریک خواتین کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا، حکومت کی جانب سے عورت مارچ کے انعقاد میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی جائے گی انہوں نے کہا کہ نگران حکومت شخصی آزادیوں پر یقین رکھتی ہے امید ہے عورت مارچ (بقیہ نمبر 25)

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بی آر ٹی پشاور کا نیا کارڈ

خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے شہریوں کو سستی سفری سہولیات کی فراہمی کی غرض سے شروع کی گئی بس ریپڈ ٹرانزٹ کے زو کے نام سے جاری کیے جانے والے کارڈ کی قیمت بڑھادی گئی ہے اوراب یہ نیا کارڈ300 روپے میں دستیاب ہوگا۔ انتظامیہ کے مطابق ابتدائی مرحلے میں 15 لاکھ نئے کارڈ بنوائے گئے تھے جن میں سے چار لاکھ کارڈ عوام کو مفت مہیا کئے گئے جبکہ نئے کارڈ کے اجرا سے پرانے کارڈ بھی متاثر نہیں ہوں گے، مسافر پرانے کارڈوں کو پہلے کی طرح ہی استعمال کرسکیں گے کیونکہ بس کے کرایوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے نئے کارڈ کے چارجز بڑھانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کے اِس دور میں انتظامیہ نے ایک نیا بوجھ ڈال دیا ہے۔ اِس حوالے سے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ نئے کارڈ کے نرخ باامر مجبوری بڑھائے گئے ہیں۔ پشاور کے عوام نے نگران وزیراعلی سے نئے کارڈ کے چارجز میں اضافے پر نظرثانی کا مطالبہ کیا ہے۔

خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے شہریوں کو سستی سفری سہولیات کی فراہمی کی غرض سے شروع کی گئی بس ریپڈ ٹرانزٹ کے زو کے نام سے جاری کیے جانے والے کارڈ کی قیمت بڑھا دی گئی ہے اوراب یہ نیا کارڈ300 روپے میں دستیاب ہوگا۔ انتظامیہ کے مطابق ابتدائی مرحلے میں 15 لاکھ نئے کارڈ بنوائے گئے تھے جن میں سے چار لاکھ کارڈ عوام کو مفت مہیا کئے گئے جبکہ نئے کارڈ کے اجرا سے پرانے کارڈ بھی متاثر نہیں ہوں گے، مسافر پرانے کارڈوں کو پہلے کی طرح ہی استعمال کرسکیں گے کیونکہ بس کے کرایوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے نئے کارڈ کے چارجز بڑھانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کے اِس دور میں انتظامیہ نے ایک نیا بوجھ ڈال دیا ہے۔ اِس حوالے سے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ نئے کارڈ کے نرخ باامر مجبوری بڑھائے گئے ہیں۔ پشاور کے عوام نے نگران وزیراعلی سے نئے کارڈ کے چارجز میں اضافے پر نظرثانی کا مطالبہ کیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے شہریوں کو سستی سفری سہولیات کی فراہمی کی غرض سے شروع کی گئی بس ریپڈ ٹرانزٹ کے زو کے نام سے جاری کیے جانے والے کارڈ کی قیمت بڑھادی گئی ہے اوراب یہ نیا کارڈ300 روپے میں دستیاب ہوگا۔ انتظامیہ کے مطابق ابتدائی مرحلے میں 15 لاکھ نئے کارڈ بنوائے گئے تھے جن میں سے چار لاکھ کارڈ عوام کو مفت مہیا کئے گئے جبکہ نئے کارڈ کے اجرا سے پرانے کارڈ بھی متاثر نہیں ہوں گے، مسافر پرانے کارڈوں کو پہلے کی طرح ہی استعمال کرسکیں گے کیونکہ بس کے کرایوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے نئے کارڈ کے چارجز بڑھانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کے اِس دور میں انتظامیہ نے ایک نیا بوجھ ڈال دیا ہے۔ اِس حوالے سے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ نئے کارڈ کے نرخ باامر مجبوری بڑھائے گئے ہیں۔ پشاور کے عوام نے نگران وزیراعلی سے نئے کارڈ کے چارجز میں اضافے پر نظرثانی کا مطالبہ کیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے شہریوں کو سستی سفری سہولیات کی فراہمی کی غرض سے شروع کی گئی بس ریپڈ ٹرانزٹ کے زو کے نام سے جاری کیے جانے والے کارڈ کی قیمت بڑھا دی گئی ہے اوراب یہ نیا کارڈ300 روپے میں دستیاب ہوگا۔ انتظامیہ کے مطابق ابتدائی مرحلے میں 15 لاکھ نئے کارڈ بنوائے گئے تھے جن میں سے چار لاکھ کارڈ عوام کو مفت مہیا کئے گئے جبکہ نئے کارڈ کے اجرا سے پرانے کارڈ بھی متاثر نہیں ہوں گے، مسافر پرانے کارڈوں کو پہلے کی طرح ہی استعمال کرسکیں گے کیونکہ بس کے کرایوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔ شہریوں نے نئے کارڈ کے چارجز بڑھانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے۔

اردو ہے جس کا نام

یہ کالم نویس اِس اہتمامِ ہفتہ شخصی جھلکیوں پر مبنی چاند چہرے کی اشاعت کی بدولت تین برسوں سے کچھ اوپر مدت میں) دھکے سے (تین کتابوں کا مصنف بن گیا ہے۔ پر زباں دانی کا دعوی تو ایک طرف، اسے بی بی سی لندن میں اپنے سینئر اور منجھے ہوئے صحافی سید اطہر علی نہیں بھولتے جو چھیڑنے

شاہد ملک

کے انداز میں کہا کرتے: شاہد، آپ کا پروگرام اچھا تھا مگر ذرا عالمانہ تھا۔ ابتدا میں یہ بات سمجھ میں نہ آئی۔ پھر اردو والے ساتھیوں سے تعلق بڑھا تو محسوس ہوا کہ نصابی ضرورت کے تحت سیکھی گئی زبان اور ماں بولی میں فرق ہوا کرتا ہے۔ اسی لیے لسانی ماہرین کے نزدیک یہ دونوں تجربات سیکھنے سکھانے کے الگ الگ عمل ہیں۔ مادری زبان کے لیے سکھلائی کی جگہ تحصیل کی اصطلاح رائج ہے جس میں شعوری کوشش کی بجائے انسان کا گرد و پیش دبے پاں زبان سیکھ لینے کے عمل کو پرسہولت بنا دیتا ہے۔ نارمل ماحول کی جم پل کم لوگ ہوں گے جنہوں نے بچپن میں مادری زبان سیکھی اور انہیں اِس میں دِقت کا سامنا کرنا پڑا۔ بظاہر یہ سادہ سی بات ہے اور اگر آپ مرحوم اطہر علی کی طرح مجھے عالمانہ پروگرام کرنے کا طعنہ نہ دیں تو یونیورسٹی کالج آف نارتھ ویلز میں اپنے تدریسی لسانیات کے ممتحن ڈیوڈ کرسٹل کی اے لٹل بک آف لینگویج کی روشنی میں عمومی دلچسپی کے دو ایک مزید نکتوں کی نشاندہی کر دوں۔ پہلا یہ کہ انسانی سماج میں شعور کی آنکھ کھول کر یا اس سے پہلے ہی اِرد گرد کی کچھ آوازیں بچے کے کان میں پڑنے لگتی ہیں۔ اِن آوازوں کا اِدھر اُدھر پھیلی ہوئی چیزوں سے کیا تعلق ہے؟ شکلیں، رنگ، حرکت و سکون، یہ سب کس کی پہچان کے اشارے ہیں؟ اور بقول غالب عشوہ و غمزہ و ادا کیا ہے؟ خارجی زاویے سے نظر ڈالیں تو بچہ کانوں کے راستے کچھ آوازیں یا لفظ سیکھ رہا ہے مگر اِنہی الفاظ کے ساتھ آنکھ سے دکھائی دینے والے ابتدائی حقائق کے مشاہدات بھی جڑے ہوئے ہیں۔ گویا چیز کا نام، چیز کی تصویر، یا الٹی ترتیب سے کہیں تو چیز کی تصویر اور چیز کا نام۔ یوں لفظیات کا ایک چھوٹا سا ابتدائی دائرہ بن جاتا ہے جو آگہی کا دائرہ بھی ہے۔ تو کیا بچے کے سوچنے سمجھنے کی بنیادی صلاحیتیں اور ان کی بتدریج نشوونما مادری زبان کی تحصیل کا پیش خیمہ ہوئی یا تحصیل کا نتیجہ؟ اِس تحقیق کا حتمی جواب نہ ملنے پر ماہرین کو یہ کہتے سنا ہے کہ ترتیب کچھ بھی سہی، ابتدائی ذہنی ترقی اور لسانی نشوونما ہیں ایک ہی سکے کے دو رخ۔ بچے کے ہوش سنبھالتے ہی کسی نے روشنی کی طرف اشارہ کرکے اگر اس سے کہا کہ لائٹ تو بچے نے کمرے میں روشن بلب کی طرف دیکھا اور مسکرا دیا۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ سرے سے کوئی توجہ ہی نہ دے۔ پھر کسی نے تیسری چوتھی بلکہ پانچویں مرتبہ لائٹ کہا اور بچہ مسکراتے ہوئے روشنی کی طرف دیکھنے لگا۔ گویا ایک نئی آواز کی صورت میں ایک لفظ سیکھا۔ نہ صرف لفظ سیکھا، ایک نیا آئیڈیا بھی دماغ میں بٹھا لیا۔ عجلت پسند ماڈرن لوگ کہیں گے کہ آئیڈیا دماغ میں بیٹھ تو گیا۔

غربت کی وجہ سے خودکشیاں

پاکستان کے عوام پہلے جنوبی ایشیا میں مالدار اور امیر ٹھہرائے جاتے تھے۔ پاکستان کے عوام کے ساتھ پیسہ تھا اور پیسہ بھی اس لئے تھا کہ پاکستان کے زیادہ تر عوام دیگر ممالک میں مسافری کرتے تھے اور وہاں کچھ کماتے تھے اور آپنے پیاروں کو بیجا کرتے تھے۔ لیکن اب اگر ہم اندازہ لگائے تو حالات وہ نہیں ہے۔ حالات میں بہت تبدیلی دیکھنے کو ملتی

تحریر: صادق انور میاں

ہے۔ پہلے پاکستانیوں کو دیگر ممالک میں کام ملتے تھے اچھے اچھے جاب کرتے تھے چاہے وہ سعودی عرب ہوں، دبئی ہوں ملائشیا ہو یورپی ممالک ہوں لیکن اب وہ سب کچھ ختم ہوچکا ہے۔ پاکستانی اب اب غریب ملک میں آگئے ہیں اور یہاں مزدوری کرنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ پاکستانی تو اس لئے باہر ملکوں میں محنت مزدوری کیا کرتے تھے کہ ان کو کچھ ڈبل پیسے ملتے تھے لیکن پاکستان کا پیسہ تو بلکل گر چکا ہے۔ پاکستان میں اگر کوئی بندہ فجر کی نماز سے دہاڑی شروع کرے اور شام تک اپنا پسینہ گرائے وہ 1000 روپے سے زیادہ نہیں کما سکتا۔ پاکستان میں پہلے تو کسی کو کام ملتا نہیں ہے۔ سب سے پہلی بدنصیبی تو یہ ہے کہ کام تو ہر کوئی چاہتا ہے لیکن کام ملتا نہیں ہے۔ اور اگر کام مل جائے تو ایک دو روز کا ملتا ہے باقی کام کرانے والے کے پاس بھی پیسہ نہیں ہے کہ کام کرنے والے کو دے دے۔ میں روز دیکھتا ہوں زیادہ تر پاکستانی واپس آچکے ہیں۔ باہر ملکوں سے اور کہتے ہیں کہ باہر ملکوں میں بھی ہمیں کوئی کام نہیں دیتا اور سعودی عرب میں تو زیادہ تر لوگ کام تو کرتے ہیں لیکن ان کو ان کی اجرت نہیں ملتی ان کے ساتھ بھی زور زبردستی کی جارہی ہے۔ اخر پاکستانی جائے تو کہا جائے۔ بازاروں میں ہم دیکھتے ہیں کہ ریڑے والے پریشان، دکاندار پریشان، ہوٹل والے پریشان، ڈرائیور پریشان اگر اس ملک میں کوئی خوش ہے تو وہ ہے اس ملک کے سیاستدان۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ سیاست دان روز بروز ترقی کر رہا ہے اور عوام سے کہتا ہے کہ ملک تباہ ہوچکا ہے حیرانی کی بات یہ ہے کہ یہ ملک کیسے تباہ ہے اس میں تو سیاستدان کے پروٹوکول میں کمی نہیں آئی، ان کے خرچے کم نہیں ہوئے، ان کے بینک اکائنٹس میں پیسے کم نہیں ہوئے، ان کے گھروں اور حویلیوں میں نوکران کی کمی نہیں ہوئی۔ تازہ ترین سروے کے مطابق اس وقت پاکستان میں دس کروڑ عوام غربت کے لکیر کے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ یہ بڑی حیرانی اور پریشانی کی بات ہے کہ بائیس کروڑ میں دس کروڑ غربت کے لکیر کے نیچے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر پاکستان میں فحاشی میں اضافہ ہورہا ہے تو اس کی بڑی وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ مردوں کو مزدوری نہیں مل رہی اپنے بچوں کے پیٹ پالنے کیلئے مختلف راستے ڈھونڈے جاتے ہیں۔ پاکستان میں خودکشیوں کا رجحان بہت زیادہ ہے۔ کل ہی کی بات ہے ہمارے علاقے میں ایک ہوٹل کا نوکر جو کہ ایک مقامی ہوٹل میں محنت مزدوری کر رہا تھا، غربت سے تنگ آ کر خودکشی کرلی ہے۔ اب اس کی زمہ دار کون ہے یہی ریاست کے ٹھیکیدار۔ سیاستدانوں کی پیٹ تو غریب کی ٹیکسوں سے نہیں بھرے، غریب محنت مزدوری تو کر رہا ہے لیکن بے تحاشہ ٹیکس کیسے ادا کرے، کمر توڑ مہنگائی کو کیسے برداشت کرے، بجلی کے بل کیسے ادا کرے، گیس کے بل کیسے ادا کرے، گھروں کے کرایہ کیسے ادا کرے۔ سیاستدان اخر کار اس غریب عوام سے اور چاہتے ہیں۔ عوام کے چمڑے تو اتر گئے ہیں۔ اس مہنگائی کی دور میں سفید پوش عوام بھی رل گئے۔ غریب تو غریب ہے سوال کرتا رہتا ہے مساجد میں، بازاروں میں، مارکیٹوں میں لیکن سب سے زیادہ تکلیف اس سفید پوش کو ہے جو نہ کسی کے سامنے ہاتھ اگے کرسکتا ہے اور نہ ایسے سوچ سکتا ہے۔ مڈل کلاس عوام زیادہ پریشان ہیں۔ سیاستدان نے عوام کو خودکشیوں پر مجبور کردیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس مہنگائی کو مات دینا ہوگا تو صرف ایک طریقہ ہے انقلاب کا۔ پاکستان کے بائیس کروڑ عوام کو اس ناسور کے خلاف نکلنا ہوگا، اس موجودہ سسٹم کے خلاف آواز اٹھانا ہوگا۔ اور کوئی حل نہیں ہے۔ اور کوئی چارہ نہیں ہے، اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ جب تک سارے ملک میں ملک گیر احتجاج نہیں ہوگا، پہیہ جام ہڑتال نہیں ہوگا، شٹر ڈاون ہڑتال نہیں ہوگا۔ سیاستدان وہی کرتا رہے گا جو کرتا ہے۔

جسٹس فائز عیسی بمقابلہ افسر گریڈ اٹھارہ

دو ہفتے قبل لکھا تھا: "تحصیل کی سطح پر اے سی، ڈاکٹر اور تحصیل دار جیسے نچلی سطح کے افسروں کو قیمتی گاڑیاں مع ڈرائیور دینا کسی طرح بھی ٹھیک نہیں ہے، یہ مالیاتی ظلم فورا بند کیا جائے۔ یہ، نوعمر افسر بخوشی موٹر سائیکل پر سفر کرسکتے ہیں، اگر ان میں خاتون افسر ہو تو پنجاب میں خواتین کے لیے متعارف کردہ اسکوٹی سے ان کی تربیت کا آغاز کیا جائے .یہی ان کی تربیت ہے .اسی سے یہ نوعمر افسر سیکھیں گے، انہیں عوامی مسائل یونہی پتا چلیں گے۔ "اس تجویز کو عوام نے تو پسند کرنا ہی تھا، ایک

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

حاضر سروس اسسٹنٹ کمشنر نے بھی سو فیصد اتفاق کیا۔ محرم راز خالق کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔ پھر والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں) صحیح مسلم (پاکستانی معاشرہ اپنی خوبصورت قدروں کے مطابق بچے پال کر انہیں سرکاری اداروں کے حوالے کرتا ہے۔ نوآبادیاتی انداز پر قائم سرکاری اکیڈمیاں ان بچوں کو فرنگی آسیب میں ڈبو کر انہیں صرف معاشرے ہی کے لیے نہیں، اپنے ماں باپ کے لیے بھی اجنبی بنا دیتی ہیں۔ آبائی قصبے سے شام کو واپسی پر وہاں قائم تحقیقی ادارے سے ٹرانسپورٹ کا ریلا اسلام آباد کی طرف بہتا دیکھتا ہوں۔ ملازم بسوں میں، سائنسدان کوچوں میں اور کچھ اپنی کاروں میں سفر کر رہے ہوتے ہیں۔ سائنس دان وہ لوگ ہیں جن کا نعم البدل ہوتا ہی نہیں، انہیں چند جماعت پڑھائی کے بعد اکیڈمی میں تیار نہیں کیا جاسکتا، یہ لوگ گنتی کے ہوتے ہیں، ملکی ترقی کی اصل یہی ہیں جو کوچوں میں دھکے کھاتے ہیں، اسی ریلے اور مزید حفاظتی گاڑیوں کے جلو میں گریڈ 18 کے وردی پوش معززین کو میں ویگو میں دیکھتا ہوں۔ ویگو کی قیمت کروڑ سے زائد ہوتی ہے۔ کچلی ہوئی نفسیاتی انا کے اسیروں کے لئے یہ گاڑی قبلہ و کعبہ قسم کی کوئی چیز ہے۔ ایک ملک کا سربراہ حکومت مع اپنی زوجہ کے اچانک اسلام آباد میرے گھر آ پہنچا، پورے چار دن تک میں اپنی 13 سال پرانی 800cc سوزوکی ایف ایکس میں انہیں گھماتا رہا۔ ہم دونوں اسی میں بیٹھ کر وزرا، سربراہان جامعات اور جرنیلوں سے ملتے رہے۔ جنرل حمید گل نے البتہ میرے ان معزز مہمان کو اپنے گھر بلانے پر چمچماتی گاڑی بھیج دی تھی۔ معزز مہمان یا ان کی عزت مآب اہلیہ کو میری کھٹارا گاڑی کا حسب نسب، تاریخ پیدائش رنگ روغن جاننے پرکھنے کی کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ مقصد اعلی وارفع ہو تو چھچھورا پن شخصیت کے اندر داخل ہو ہی نہیں سکتا۔ مقصدیت ہو تو گا ہے جسٹس فائز عیسی کی صورت میں شخصیت اپنا سحر دکھا دیتی ہے۔ موصوف گھر سے بغیر حفاظتی اقدامات کے روزانہ پیدل سپریم کورٹ جاتے ہیں۔ وہ یہ کام خاموشی، متانت اور فطری انداز پر کرتے ہیں کہ انسان ہبوط آدم سے پیدل ہی چلتا آیا ہے۔ خیال آیا کہ جا کر گزارش کروں کہ ویگو والے گریڈ 18 کے وردی پوش) خودساختہ وی آئی پی (معززین بلاشبہ کسی دوسری دنیا کے باسی ہیں، لیکن قبلہ گاہی ! اصل وی آئی پی تو آپ لوگ ہیں۔ محترمی ! دم توڑتی ثاقب نثاری تلچھٹ کے بعد شاید عدلیہ قرار پکڑ ہی لے۔ ایک دو سال تک پلیز خود کو جسٹس سمجھیے، عام انسان بننے کے لیے ریٹائرمنٹ کا انتظار کریں۔ پھر خیال آیا کہ اخبار کے ذریعے بھی تو بات پہنچ ہی جاتی ہے۔ چنانچہ درخواست ہے کہ جسٹس صاحب حفاظتی اقدامات کے ساتھ نکلا کریں۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے گزشتہ اجلاس نے حکومت سے کہا کہ ڈیڑھ لاکھ سرکاری گاڑیوں کا پٹرول بند کیا جائے کیونکہ افسر کار الاونس لیتے ہیں۔ اب ایک گاڑی روزانہ 10 لٹر پیٹرول لے، جو کم ازکم ہے، تو پانچ دنوں میں 50 لٹر پٹرول خرچ ہوگا۔ اسے 52 ہفتوں سے ضرب دے کر ڈیڑھ لاکھ گاڑیوں سے ضرب دیں۔ جواب 39 کروڑ لٹر کو 268 روپے سے ضرب دیں۔ ایک کھرب 4 ارب 50 کروڑ روپے جواب ہوگا۔ بات ختم نہیں ہوئی، اوسان بحال رکھیے اب ان کے ڈیڑھ لاکھ ڈرائیوروں کی تنخواہ اور اوور ٹائم اوسط 55 ہزار روپے فی کس لگائیں۔ جواب 8 ارب 25 کروڑ ماہانہ اور ایک کھرب روپے سالانہ بنتا ہے۔ انجن آئل، مرمت، دیکھ بھال کا خرچ ڈالیں۔ کل رقم دو کھرب روپے بنتی ہے۔ یہ وہ رقم ہے جو دن دہاڑے لوٹی جارہی ہے کیونکہ چیئرمین کمیٹی نور عالم خان صاحب کے مطابق ["افسران] موبٹائزڈ پالیسی انجوائے کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ دس سال قبل انہی افسروں نے خود حساب کرکے نتیجہ نکالا کہ ایک گاڑی پر جو رقم خرچ ہوتی ہے، افسروں کو دے دی جائے تو انتظامی اخراجات میں بچت ہو گی۔ اب افسر لاکھوں روپے ماہانہ کار الاؤنس لے رہے ہیں۔ یہ موبٹائزڈ پالیسی کہلاتی ہے۔ دس سالوں میں ان لوگوں نے بتدریج ڈیڑھ لاکھ گاڑیوں پر بھی قبضہ کرلیا ہے اور لاکھوں روپے ماہانہ کار الائنس اس کے علاوہ لیتے ہیں۔ پارلیمنٹ کو بے بس کر دینے کے نتیجے میں نوکر شاہیاں خودسر ہو چکی ہیں، صرف انہی کو لگام دے کر ملک قرضوں سے نجات حاصل کرسکتا ہے . نئے ٹیکس کی ضرورت ہی نہیں یہ اعداد و شمار کم ازکم ہیں۔ پچھلی دفعہ میں نے خود مختار اداروں کے فی ادارہ درجن افسروں کی تنخواہوں کا حساب کر کے بتایا تھا کہ تقریبا ایک کھرب روپے بلا جواز صرف چند ہزار افسروں کی نذر ہوجاتے ہیں۔ سیاسی جماعتوں نے ملکی نظام انہی مگرمچھوں کی مدد سے چلانا ہوتا ہے۔ حکومتیں ان کے سامنے بے بس ہوتی ہیں۔ ادھر مہنگائی کے موجودہ ریلے نے متوسط طبقہ کی کمر توڑ دی ہے۔ نچلا طبقہ تو خودکشیاں کر رہا ہے۔ اضطراب اور بے چینی کے باعث روزانہ کوئی انہونی سننے کو ملتی ہے۔ وزیراعظم کو یاد دلا دوں کہ سیاسی جماعتوں کو تو فوجی آمر بھی ختم نہیں کر سکے لہذا نوکرشاہیوں سے ڈرے بغیر اس کی تنخواہوں اور مراعات کو ملکی اقتصاد سے ہم آہنگ کیجئے۔ اصلاح کا آغاز یہیں سے ہوگا۔ سیاسی پشت پناہی پر بھرتی پیرا شوٹر سالانہ کروڑوں میں تنخواہ وصول کرے اور کلرک کو ماہانہ اتنا بھی نہ ملے کہ وہ کرایہ مکان ہی ادا کر سکے۔ وزیراعظم صاحب! اگلا بجٹ آپ کے لیے ٹیسٹ کیس ہوگا۔ یہیں سے اصلاح کا آغاز کریں۔ اب تقریروں اور ٹیکسوں کا دور نہیں ہے۔ خودسر گھوڑے پر قابو نہ پایا جائے تو وہ سوار کو پٹخنیاں دیتا ہے۔ وزیر اعظم صاحب ! یہی گھوڑے ہر زاویے سے فساد کی جڑ ہیں۔ انہیں قابو کیجئے، ملک اب مزید پٹخنیاں کھانے کے قابل نہیں رہا۔

دوہفتے قبل لکھا تھا: "تحصیل کی سطح پر اے سی، ڈاکٹر اور تحصیل دار جیسے نچلی سطح کے افسروں کو قیمتی گاڑیاں مع ڈرائیور دینا کسی طرح بھی ٹھیک نہیں ہے، یہ مالیاتی ظلم فورا بند کیا جائے۔ یہ، نوعمر افسر بخوشی موٹر سائیکل پر سفر کرسکتے ہیں، اگر ان میں خاتون افسر ہو تو پنجاب میں خواتین کے لیے متعارف کردہ اسکوٹی سے ان کی تربیت کا آغاز کیا جائے .یہی ان کی تربیت ہے .اسی سے یہ نوعمر افسر سیکھیں گے، انہیں عوامی مسائل یونہی پتا چلیں گے۔ "اس تجویز کو عوام نے تو پسند کرنا ہی تھا، ایک حاضر سروس اسسٹنٹ کمشنر نے بھی سو فیصد اتفاق کیا۔ محرم راز خالق کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔ پھر والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں) صحیح مسلم (پاکستانی معاشرہ اپنی خوبصورت قدروں کے مطابق بچے پال کر انہیں سرکاری اداروں کے حوالے کرتا ہے۔ نوآبادیاتی انداز پر قائم سرکاری اکیڈمیاں ان بچوں کو فرنگی آسیب میں ڈبو کر انہیں صرف معاشرے ہی کے لیے نہیں، اپنے ماں باپ کے لیے بھی اجنبی بنا دیتی ہیں۔ آبائی قصبے سے شام کو واپسی پر وہاں قائم تحقیقی ادارے سے ٹرانسپورٹ کا ریلا اسلام آباد کی طرف بہتا دیکھتا ہوں۔ ملازم بسوں میں، سائنسدان کوچوں میں اور کچھ اپنی کاروں میں سفر کر رہے ہوتے ہیں۔ سائنس دان وہ لوگ ہیں جن کا نعم البدل ہوتا ہی نہیں، انہیں چند جماعت پڑھائی کے بعد اکیڈمی میں تیار نہیں کیا جاسکتا، یہ لوگ گنتی کے ہوتے ہیں، ملکی ترقی کی اصل یہی ہیں جو کوچوں میں دھکے کھاتے ہیں، اسی ریلے اور مزید حفاظتی گاڑیوں کے جلو میں گریڈ 18 کے وردی پوش معززین کو میں ویگو میں دیکھتا ہوں۔ ویگو کی قیمت کروڑ سے زائد ہوتی ہے۔ کچلی ہوئی نفسیاتی انا کے اسیروں کے لئے یہ گاڑی قبلہ و کعبہ قسم کی کوئی چیز ہے۔ ایک ملک کا سربراہ حکومت مع اپنی زوجہ کے اچانک اسلام آباد میرے گھر آ پہنچا، پورے چار دن تک میں اپنی 13 سال پرانی 800cc سوزوکی ایف ایکس میں انہیں گھماتا رہا۔ ہم دونوں اسی میں بیٹھ کر وزرا، سربراہان جامعات اور جرنیلوں سے ملتے رہے۔ جنرل حمید گل نے البتہ میرے ان معزز مہمان کو اپنے گھر بلانے پر چمچماتی گاڑی بھیج دی تھی۔ معزز مہمان یا ان کی عزت مآب اہلیہ کو میری کھٹارا گاڑی کا حسب نسب، تاریخ پیدائش رنگ روغن جاننے پرکھنے کی کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ مقصد اعلی وارفع ہو تو چھچھورا پن شخصیت کے اندر داخل ہو ہی نہیں سکتا۔ مقصدیت ہو تو گا ہے جسٹس فائز عیسی کی صورت میں شخصیت اپنا سحر دکھا دیتی ہے۔ موصوف گھر سے بغیر حفاظتی اقدامات کے روزانہ پیدل سپریم کورٹ جاتے ہیں۔ وہ یہ کام خاموشی، متانت اور فطری انداز پر کرتے ہیں کہ انسان ہبوط آدم سے پیدل ہی چلتا آیا ہے۔ خیال آیا کہ جا کر گزارش کروں کہ ویگو والے گریڈ 18 کے وردی پوش) خودساختہ وی آئی پی (معززین بلاشبہ کسی دوسری دنیا کے باسی ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

دیپیکا پڈوکون مجھ سے زیادہ سمجھدار ہے، رنویر سنگھ

دیپیکا ان سے زیادہ سمجھدار اور چیزوں کو زیادہ بہتر طریقے ترتیب دیتی ہیں



ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ اداکار رنویر سنگھ نے کہا ہے کہ دیپیکا پڈوکون ان سے زیادہ سمجھدار ہے۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق رنویر سنگھ نے اپنی اہلیہ دیپیکا پڈوکون کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اسے پا کر بہت خوش ہیں۔ انہوں نے دیپیکا کو تمام فیصلوں کی اجازت دے رکھی ہے۔ اداکار کا ماننا ہے کہ دیپیکا ان سے زیادہ سمجھدار اور چیزوں کو زیادہ بہتر طریقے ترتیب دیتی ہیں۔ بالی وڈ اداکار رنویر سنگھ نے کہا ہے کہ دیپیکا پڈوکون ان سے زیادہ سمجھدار ہے۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق رنویر سنگھ نے اپنی اہلیہ دیپیکا پڈوکون کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اسے پا کر بہت خوش ہیں۔

ماہرہ خان اور ہمایوں سعید کی سلور سکرین پر ایک ساتھ واپسی

فلم کے اعلان کے بعد مداحوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز کی مشہور جوڑی ماہرہ خان اور ہمایوں سعید جلد بڑی سکرین پر ایک ساتھ جلوہ گر ہوں گے۔ بن روئے ڈرامہ اور فلم سے مشہور ہونے والی سٹار جوڑی ماہرہ خان اور ہمایوں سعید جلد اپنی نئی فلم لوگرو میں ایک ساتھ اداکاری کرتے نظر آئیں گے۔ گزشتہ سال ہمایوں سعید لندن نہیں جاں گی جبکہ ماہرہ دو فلموں قائداعظم زندہ باد اور دی لیجنڈ آف مولا جٹ میں نظر آئی تھیں۔ ندیم بیگ کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم لوگرو میں مداح بن روئے کے بعد ماہرہ اور ہمایوں کو سینما گھروں میں ایک ساتھ دیکھیں گے۔ یہ فلم واسے چودھری نے لکھی ہے، جس کی کہانی تو تاحال سامنے نہیں آئی تاہم اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ ایک رومانوی فلم ہوگی۔ فلم کے اعلان کے بعد مداحوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے تاہم کچھ صارفین کا کہنا ہے کہ اب وہ ہمایوں اور ماہرہ کو ہیرو اور ہیروئن کا کردار کرتے نہیں دیکھنا چاہتے۔

شہرت کے بعد اچانک غائب ہوجانے والی ایشاء پٹیل

ایشا پٹیل نے کہو ہے نا پیار ہے جیسی بلاک بسٹر کے ذریعے بولی وڈ میں تہلکہ خیز انداز میں قدم رکھا

لاہور (شوبز نیوز) بولی وڈ میں ہر دور میں مسلسل نت نئے اداکار سامنے آتے رہتے ہیں جن میں کچھ کامیاب، کچھ ناکام اور کچھ سپر اسٹار بن جاتے ہیں، مگر کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کا آغاز بہت اچھا ہوتا ہے اور لگتا ہے کہ وہ بہت آگے جائیں گے مگر پھر وہ اچانک ہی کہیں گم ہوجاتے ہیں۔ ایشا پٹیل نے کہو ہے نا پیار ہے جیسی بلاک بسٹر کے ذریعے بولی وڈ میں تہلکہ خیز انداز میں قدم رکھا اور پھر غدر جیسی آل ٹائم ہٹ دی، انہوں نے اس فلم میں اپنی اداکاری پر کئی ایوارڈز بھی جیتے۔ اس کے بعد بھی وہ اچانک پردہ اسکرین سے غائب ہوگئیں۔

لوگوں کو یقین نہیں آتا ڈاکٹر ہوں، کہتے ہیں بس نام کے ساتھ لگا لیا، شائستہ

ڈاکٹر شائستہ لودھی نے جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی سے ایم بی بی ایس کی تعلیم حاصل کی

کراچی (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری میں بطور مارننگ شو میزبان شہرت حاصل کرنے والی شائستہ لودھی میزبان، اداکار اور ڈاکٹر بھی ہیں۔ ڈاکٹر شائستہ لودھی نے جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی سے ایم بی بی ایس کی تعلیم حاصل کی اور اب وہ بطور طبی ماہر جمالیات (Aesthetic physician) کراچی اور لاہور میں اپنا کلینک چلاتی ہیں ساتھ ہی شوبز کی دنیا سے بھی جڑی رہتی ہیں ان دنوں شائستہ ڈرامہ سیریل 'سمجھوتہ' میں نظر آ رہی ہیں۔ حال ہی میں غیر ملکی میڈیا کو دیئے ایک انٹرویو میں شائستہ کا کہنا تھا کہ انہیں شوبز کا حصہ ہونے کی وجہ سے ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کرنے اور ڈاکٹر بننے کے بعد کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

ارشد وارثی اور ان کی اہلیہ پر ہیرا پھیری کا الزام، پابندی عائد

ممبئی (شوبز نیوز) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا (سیبی) کی جانب سے بھارتی اداکار ارشد وارثی اور ان کی اہلیہ ماریہ گوریٹی سمیت 45 افراد پر شیئر پرائس میں مبینہ ہیرا پھیری کے الزام میں سکیورٹیز مارکیٹ کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر پابندی عائد کردی گئی۔ میڈیا کے مطابق سادھنا براڈ کاسٹ اور شارپ لائن براڈ کاسٹ پر اپنے یوٹیوب چینلز پر گمراہ کن معلومات پر مبنی ویڈیوز کے ذریعے غیر معمولی منافعے کا جھانسہ دیکر لوگوں کو اپنے شیئرز خریدنے پر آمادہ کرنے کی کوششوں کا الزام تھا۔ سیبی کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات پر تحقیقات کرنے کے بعد شیئر پرائس۔

پاکستانی ڈراموں میں موضوعاتی کام ہو رہا ہے: ثانیہ سعید

پاکستان کے ڈرامے میں آج بھی اپنی ثقافت کے دائرے میں رہتے ہوئے موضوعاتی کام ہورہا ہے

کراچی (شوبز نیوز) سینئر اداکارہ ثانیہ سعید نے کہا کہ پاکستانی ڈراموں میں موضوعاتی کام ہو رہا ہے نئے آنے والے اداکار اچھا کام کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں ثانیہ سعید نے کہا کہ بھارت سمیت دیگر ممالک کے ٹی وی ڈرامے موضوع کے اعتبار سے پاکستانی ڈرامے کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ نئے آنے والے تمام اداکار اچھا کام کر رہے ہیں اور اس کی وجہ ان کا فن سے لگاؤ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے نزدیک اصل فنکار وہی ہے جو کسی بھی کردار کو حقیقت کے قریب تر ہو کر نبھائے، ٹی وی چینلز کے آنے سے اداکاروں کے لئے کام کے مواقع پیدا ہوئے۔

جم کے بغیر نہیں رہ سکتی، اداکارہ رباب ہاشم

2015ء میں گریجویشن کے بعد اپنے پہلے ڈرامے میں خود کو سکرین پر دیکھا تو انہیں اچھا نہیں لگا

اسلام آباد (شوبز نیوز) اداکارہ رباب ہاشم نے کہا کہ وہ جم کے بغیر نہیں رہ سکتیں۔ یو این پی کے مطابق اپنے انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ 10 سال کی عمر میں میزبانی شروع کی، سیلف گرومنگ بارے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب انہوں نے 2015ء میں گریجویشن کے بعد اپنے پہلے ڈرامے میں خود کو سکرین پر دیکھا تو انہیں اچھا نہیں لگا اور پھر انہوں نے دو تین سال تک خود پر بہت توجہ دی وزن کم کیا اور روزانہ کی بنیاد پر ورک آؤٹ کیا اور اب وہ جم کے بغیر نہیں رہ سکتیں، ڈرامہ سیریل "میں ماں نہیں بننا چاہتی" کے ٹائٹل پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس پر لوگوں نے بہت برا بھلا کہا لیکن اس موضوع کو ابھارنے کے لیے ڈرامے کا ایسا نام رکھنا پڑا اور ہم اپنے مقصد میں کامیاب رہے۔

SPORTS سپورٹس

شاداب ابھی تک انگلی کی انجری سے مکمل نجات نہیں پا سکے

آل راؤنڈر شاداب خان بگ بیش لیگ میں زخمی ہوئے تھے

لاہور (سپورٹس نیوز) شاداب خان نے کہا ہے کہ ابھی تک انگلی کی انجری سے مکمل طور پر نجات نہیں پاسکا، سوجن اور تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ آل راؤنڈر شاداب خان بگ بیش لیگ میں زخمی ہوئے تھے جس کے بعد انہیں نیوزی لینڈ سے ہوم ون ڈے سیریز کیلیے زیرغور نہیں لایا گیا تھا، اب انہوں نے تکلیف سے مکمل چھٹکارا نہ پانے کی بات کہی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک صارف نے سوال کیا کہ پی ایس ایل 8 میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی قیادت کرتے ہوئے آپ اپنا انٹرنیشنل کیریئر تو خطرے میں نہیں ڈال رہے؟ اس پر فرنچائز کے جنرل منیجر نے مداخلت کرتے ہوئے لکھا کہ کوئی بھی نتیجہ اخذ کرنے سے قبل یہ سمجھیں کہ فزیو اور ڈاکٹر نے ان کو کھیلنے کیلیے کہا ہے کیونکہ فٹنس کی بحالی کا یہی طریقہ تھا۔ شاداب خان نے کہا ہے کہ ابھی تک انگلی کی انجری سے مکمل طور پر نجات نہیں پاسکا، سوجن اور تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ آل راؤنڈر شاداب خان بگ بیش لیگ میں زخمی ہوئے تھے جس کے بعد انہیں نیوزی لینڈ سے ہوم ون ڈے سیریز کیلیے زیر غور نہیں لایا گیا تھا، اب انہوں نے تکلیف سے مکمل چھٹکارا نہ پانے کی بات کہی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک صارف نے سوال کیا کہ پی ایس ایل 8 میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی قیادت کرتے ہوئے آپ اپنا انٹرنیشنل کیریئر تو خطرے میں نہیں ڈال رہے؟ اس پر فرنچائز کے جنرل منیجر نے مداخلت کرتے ہوئے لکھا کہ کوئی بھی نتیجہ اخذ کرنے سے قبل یہ سمجھیں۔

وسیم اکرم کی جانب سے عامر کے ضرورت سے زیادہ جارحانہ رویے کا دفاع

کسی بھی میچ میں بیٹرز سے ہاتھ ملا کر گلے لگانے کا کوئی جواز نہیں بنتا، مینٹور

لاہور (سپورٹس نیوز) وسیم اکرم نے میدان کے اندر اور باہر محمد عامر کے ضرورت سے زیادہ جارحانہ رویے کا دفاع کیا ہے۔ کراچی کنگز کے پیسر محمد عامر نے پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم کو ٹیل اینڈرز جیسی اہمیت دینے کی بات کہی تھی، اس کے بعد وہ میدان میں بھی وکٹ حاصل کرنے پر بیٹرز کو جذباتی انداز میں واپس جانے کے اشارے کرتے نظر آئے، اس رویے پر ان کو تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ کراچی کنگز کے صدر وسیم اکرم نے ایک انٹرویو میں محمد عامر کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ کرکٹ میں کیریکٹرز اور مسابقت والی فضا کی ضرورت ہوتی ہے، پیسر ایک بولر کے طور پر جو بھی کہہ رہے ہیں میں ان کے ساتھ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل کے کسی بھی میچ میں بیٹرز سے ہاتھ ملا کر گلے لگانے کا تو کوئی جواز نہیں بنتا، میدان سے باہر اس طرح کی باتوں سے لیگ میں دلچسپی کا سامان پیدا ہوتا ہے، ہمیں تنقید کے بجائے اس مسابقت سے لطف اندوز ہونا چاہیے۔

ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اوکاڑہ میں سپورٹس گالا کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء وطالبات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا

اوکاڑہ (سپورٹس نیوز) ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اوکاڑہ سپورٹس گالا کا انعقاد کیا گیا سپورٹس گالا میں کرکٹ، بیڈمنٹن، رسہ کشی اور دوڑ شامل تھیں۔ مقابلہ جات کے فاتحین کی تقریب تقسیم انعامات مورخہ 6 مارچ بروز پیر ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اوکاڑہ میں ہو گی جس میں ڈاکٹر افتخار امجد علی پریذیڈنٹ DBOM اوکاڑہ، عمر اکرم ایگزیکٹو ممبر اور انجینیر سلمان اظہر شیخ انعامات تقسیم کریں گے۔ پرنسپل ادارتی لیاقت شہزاد خان نے فاتحین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کھیل بچوں کی ذہنی اور جسمانی نشوونما کے لیے بہت ضروری ہیں اور جس قوم کے کھیل کے میدان آباد ہوں وہاں ہسپتالوں میں مریض نہیں ہوں گے۔ انہوں نے پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کا شکریہ ادا کیا جن کی وجہ سے پورے پنجاب میں یہ مقابلہ جات منعقد ہونے۔ ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اوکاڑہ سپورٹس گالا کا انعقاد کیا گیا سپورٹس گالا میں کرکٹ، بیڈمنٹن، رسہ کشی اور دوڑ شامل تھیں۔ مقابلہ جات کے فاتحین کی تقریب تقسیم انعامات مورخہ 6 مارچ بروز پیر ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اوکاڑہ میں ہو گی جس میں ڈاکٹر افتخار امجد علی پریذیڈنٹ DBOM اوکاڑہ، عمر اکرم ایگزیکٹو ممبر اور انجینیر سلمان اظہر شیخ انعامات تقسیم کریں گے۔

عادل رشید کیخلاف احمقانہ ریویو، بنگلہ دیشی ٹیم مذاق کا نشانہ بن گئی

بنگلہ دیش نے انگلینڈ کیخلاف دوسرے ون ڈے میں عجیب وغریب ریویو لے لیا

میرپور (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کے لیگ سپنر عادل رشید کے خلاف احمقانہ ریویو پر بنگلہ دیشی ٹیم مذاق کا نشانہ بن گئیبنگلہ دیش نے انگلینڈ کیخلاف دوسرے ون ڈے میں عجیب وغریب ریویو لے لیا جس پر ماہرین کرکٹ بھی دنگ رہ گئے۔ ری پلے میں واضح طور پر دیکھا گیا کہ عادل نے گیند بیٹ سے کھیلی تھی مگر پھر بھی ایل بی ڈبلیو ریویو لیا گیا، جس پر میزبان ٹیم کو سبکی کا سامنا کرنا پڑا۔ انگلینڈ کے لیگ سپنر عادل رشید کے خلاف احمقانہ ریویو پر بنگلہ دیشی ٹیم مذاق کا نشانہ بن گئیبنگلہ دیش نے انگلینڈ کیخلاف دوسرے ون ڈے میں عجیب وغریب ریویو لے لیا جس پر ماہرین کرکٹ بھی دنگ رہ گئے۔ ری پلے میں واضح طور پر دیکھا گیا کہ عادل نے گیند بیٹ سے کھیلی تھی مگر پھر بھی ایل بی ڈبلیو ریویو لیا گیا، جس پر میزبان ٹیم کو سبکی کا سامنا کرنا پڑا۔

قومی جونیئر گرلز ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ایک روزہ اوپن ٹرائلز 12 مارچ کو کراچی میں ہونگے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے زیراہتمام قومی جونیئر گرلز ٹیم کی سلیکشن کے لیے ایک روزہ اوپن ٹرائلز 12 مارچ کو پی ایس بی کوچنگ سنٹر کراچی میں ہونگے۔ گزشتہ روز پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے صدر مدثر آرائیں نے بتایا کہ چار رکنی قومی الیکشن کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ محمد ریاض سلیکشن کمیٹی کے سربراہ ہونگے جبکہ دیگر ممبران میں اعجاز الحق، انوار احمد اور قرت العین شامل ہیں۔ جس میں ملک بھر سے لڑکیاں حصہ لے سکتی ہیں۔ منتخب ٹیم رواں برس جون میں کوریا میں کھیلی جانے والی ایشین جونیئر گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ میں شرکت کرے گی۔

رونالڈو نے سعودی عرب کے فٹبال شائقین کو اپنا دیوانہ بنالیا

ریاض (سپورٹس نیوز) کرسٹیانو رونالڈو نے سعودی عرب کے فٹبال شائقین کو اپنا دیوانہ بنالیا۔ سعودی پرو لیگ میں النصر کلب نے گزشتہ میچ میں 1-3 سے کامیابی حاصل کی، اگرچہ تینوں گولز مقامی کھلاڑیوں نے کیے تاہم 23 ہزار کے قریب تماشائی رونالڈو کو ہی گیند جال میں پہنچاتے دیکھنے آئے تھے، ان میں ولی عہد بھی شامل تھے جنھوں نے رائل باکس میں بیٹھ کر میچ دیکھا۔ جیسے ہی گیند رونالڈو کے پاس آتی اسٹیڈیم کا درجہ حرارت بڑھ جاتا اور رونالڈو کے نعرے گونجنے لگتے۔ وہ اب تک النصر کلب کی جانب سے 6 میچز میں 8 گول کر چکے ہیں۔

فاسٹ بالر حارث روف کو آئی سی سی کیپ مل گئی

ہماری ٹیم لاہور قلندرز نے پی ایس ایل کے پلے آف کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے

دوبئی (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بالر حارث روف کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی ٹیم آف دی ایئر کی کیپ مل گئی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر حارث روف نے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ٹیم آف دی ایئر کی کیپ اور پی ایس ایل کی فرنچائز لاہور قلندرز کی تصاویر شیئر کی ہیں۔ حارث روف نے اپنے پیغام میں لکھا کہ آج کا دن میرے اور میری ٹیم) لاہور قلندرز (کے لیے بہت اچھا ہے، مجھے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ٹیم آف دی ایئر کی کیپ مل گئی ہے۔

قومی ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ 8 مارچ سے شروع ہوگی

چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں نقد انعامات تقسیم کئے جائیں گے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیراہتمام قومی ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ 8 مارچ سے لیزر سٹی باؤلنگ کلب جناح پارک راولپنڈی میں کھیلی جائے گی۔ چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ ہونگے۔ گزشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں۔ چیمپئن شپ کے افتتاحی روز 8 مارچ کو خواتین کا عالمی دن ہے اس مناسبت سے افتتاحی روز خواتین کے مقابلے منعقد ہونگے۔ جس میں سو سے زائد خواتین حصہ لیں گی۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ اور چیمپئن شپ میں مینز سنگلز، مینز ڈبلز، ٹیم ایونٹ، ایچور، ڈیف (مینز اینڈ ویمنز) اور میڈیا کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ ایونٹ کے سیمی فائنل مقابلے 11 مارچ کو اور فائنل 12 مارچ کو منعقد ہونگے۔

بنگلہ دیش اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے میچ (آج) کھیلا جائے گا

چٹوگرام (سپورٹس نیوز) بنگلہ دیش اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے میچ آج (پیرکو) ظہور احمد چوہدری سٹیڈیم، چٹوگرام میں کھیلا جائے گا، مہمان ٹیم انگلینڈ کو سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے، پہلے میچ میں انگلش ٹیم نے 3 وکٹوں اور دوسرے میچ میں 132 رنز سے فتح حاصل کر کے سیریز اپنے نام کی، ون ڈے سیریز کے بعد دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی 20 میچوں کی سیریز 9 مارچ سے شروع ہوگی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
06 مارچ 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 06 مارچ 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک ،اسلام آباد سرکل، آزاد شہید، رہاڑہ، آئیسولیشن ہسپتال، چھٹہ بختاور، ترامڑی، لہتراڑ روڈ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، النور کالونی، کھنہ۔ 11 فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، چہان، چونترہ، راجہ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف، ڈیفنس روڈ، عسکری۔ 14 سیکٹر D، ہمایوں، پارک ویو، مورگاہ، آر بی آئی ایس ای، فوجی فاؤنڈیشن ہسپتال فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 08:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک پی ٹی سی ایل، 10/2-I، فضل گمی مل، سی ڈبلیو او، کڈنی سینٹر 11/3-I، میٹرو، این ڈی سی۔ 2، جی ٹائن ون، نیو ایکسچینج فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

اطلاع عام

عوام الناس کو بذریعہ اشتہار آگاہ کیا جاتا ہے کہ طارق حسین کھوکھر ولد سید اکبر کھوکھر مورخہ 03-11-2023 کو وفات پا چکے ہیں۔ مرحوم کی جائیداد کے وارث رضوانہ بی بی، شیراز احمد، شہزاد احمد، شبراز حسین کھوکھر، زاہدہ نوید، طاہرہ یاسمین ہیں اس کے علاوہ مرحوم کا کوئی جائز قانونی وارث نہ ہے۔

المشتہر۔
شبراز حسین کھوکھر ولد طارق حسین کھوکھر

بقیہ 1

کرنا چاہ رہا ہوں۔ فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ پاکستان کو مزید بحران میں نہ دھکیلیں اور ہوش سے کام لیں۔ عمران خان نے اپنی لیگل ٹیم کو زمان پارک طلب کرلیا ہے۔ واضح رہے کہ ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کئے تھے۔ توشہ خانہ کا مطلب کیا ہے؟ توشہ خانہ فارسی زبان کا لفظ ہے . ریختہ ڈکشنری کے مطابق اس کے معنی ہیں وہ مکان جہاں امیروں کے لباس، پوشاک اور زیورات وغیرہ جمع رہتے ہیں۔ یعنی ساز وسامان کا پلندہ کے ہیں۔ توشہ خانہ کیا ہے؟ پاکستان میں گزشتہ کئی دہائیوں سے حکومتوں کی جانب سے ایک خاص مقام کو مختص کیا جاتا ہے، جہاں دوسری ریاستوں کے دوروں پر جانے والے حکمران یا دیگر اعلیٰ عہدیداران کو ملنے والے بیش قیمت تحائف محفوظ کیے جاتے ہیں۔ پاکستان میں بھی توشہ خانہ ایسی جگہ ہے جہاں دوسرے ممالک سے ملنے والے قیمتی تحائف محفوظ ہوتے ہیں۔ پی ٹی آئی حکومت کو ملنے والے تحائف کی تفصیلات گزشتہ حکومت کے دور میں ایک شہری کی جانب سے پاکستان انفارمیشن کمیشن (پی آئی سی) میں درخواست دائر کی گئی تھی کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں ملنے والے تمام تحفے، خاص طور پر وہ تحائف جو وزیراعظم اور وزرا نے رکھے، ان کی تفصیل فراہم کی جائے قانونی ماہرین کے مطابق حکومت یہ تفصیل جمع کروانے کی پابند بھی ہے مگر حکومت نے پی آئی سی میں یہ جواب جمع کروایا تھا کہ غیر ملکی تحائف کی تفصیل سے ان ممالک کے درمیان تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں، اس لیے انہیں ملکی مفاد میں جاری نہیں کیا سکتا۔

بقیہ 2

ایم ٹولے کی ہٹ دھرمی کے خلاف ریفرنڈم تھا، عوام پی ڈی ایم ٹولے کے انتخابات کے انعقاد میں ہر ممکن رکاوٹیں ڈالنے کے فاشسٹ منصوبے کو ناکام بنائیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے امپورٹڈ ٹولہ ہوش کے ناخن لے اور ملک بھر میں عام انتخابات کا اعلان کیا جائے، ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام پورے ملک میں شفاف انتخابات کے انعقاد سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنا ہے گوشہ نشیں ہونے والے حمزہ شہباز کو بھی کسی بڑے عہدے کا لالچ دے کر واپسی کیلئے راضی کیا گیا، (ن) لیگ والے اپنے مفرور لیڈر کو واپس لائیں تاکہ انہیں شکست کے بعد یہ کہنے کا موقع نہ ملے کہ ہمارا لیڈر ملک میں نہیں تھا، مسلم لیگ (ن) انتخابات میں عبرتناک شکست کے حقائق جاننے کیلئے پیشگی کمیٹی بھی تشکیل دے لے۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ انشااللہ عمران خان کی قیادت میں وفاق اور چاروں صوبوں میں بھاری اکثریت سے حکومتیں بنائیں گے۔

بقیہ 3

کا کہنا ہے کہ عمران خان کو گرفتار کرنے کی کوشش ہوئی تو مزاحمت کی جائے گی، زمان پارک پر موجود پی ٹی آئی کارکنوں نے عمران خان کی رہائشگاہ کے باہر سیکیورٹی بھی سنبھال لی ہے۔ ممکنہ گرفتاری اور وارنٹ کے اطلاع ملتے ہی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں کی جانب سے کارکنان کو فوری طور پر زمان پارک پہنچنے کی ہدایات دی گئیں۔ واضح رہے کہ دوسری جانب آئی جی اسلام آباد اکبر ناصر نے ایس ایس پی اسلام آباد سے رابطہ کیا اور انہیں عمران خان کو آج ہی گرفتار کرنے کی ہدایت دی ہے۔ آئی جی اسلام آباد اکبر ناصر نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ پولیس نے عمران خان کو نوٹس پہنچادیا ہے، جس میں عدالت کی جانب سے عمران خان کو گرفتار کرنیکا حکم دیا گیا ہے، قانون کے مطابق انہیں ہر صورت گرفتار کیا جائیگا۔ آئی جی اسلام آباد کا کہنا تھا یہ وارنٹ عمران خان کو گرفتار کرنیکا حکم ہے، احکامات بہت واضح ہیں، کارکنوں کا گرفتاری میں رکاوٹ ڈالنا خود ایک جرم ہے، قانون کی منشا یہی ہے کہ عمران خان کو گرفتار کرکے مقرر وقت پر عدالت میں پیش کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس ٹیم کو مکمل بریفنگ اور قانونی اختیارات کے ساتھ روانہ کیا ہے، عمران خان کی گرفتاری کے بعد کی صورتحال کے لیے مکمل تیار ہیں، پنجاب پولیس سے مکمل رابطے میں ہیں، قانون کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کیخلاف مؤثر کارروائی ہوگی۔ خیال رہے کہ 28 فروری کو توشہ خانہ کیس میں عدم پیشی پر ایڈیشنل سیشن جج اسلام آباد ظفر اقبال نے عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔

بقیہ 4

کارکردگی کو سراہا، وزیراعظم نے بھی پاکستان کی ترقی کے منصوبوں میں قطر کی مسلسل حمایت پر اظہار تشکر کیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف نے دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانے کے وسیع مواقعوں کو اجاگر کیا، سرمایہ کاری، تجارتی اور پاکستان سے ہنرمند افراد کی قطر برآمد کے طریقوں اور ذرائع بڑھانے پر بات چیت بھی کی گئی۔ امیر قطر نے وزیراعظم شہباز شریف کو قطر آمد پر خوش آمدید کہا، امیر قطر نے پاکستان اور قطر کے درمیان معاشی تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، وزیراعظم نے امیر قطر کو دورہ پاکستان کی دعوت دی جسے انہوں نے قبول کرلیا۔

بقیہ 5

گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی طور پر عمران خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے ہیں، جوڈیشل کمپلیکس میں بھی پیش ہوئے ہیں، پیشی کے بعد اتنا وقت ہی نہیں بچا تھا کہ دوسری عدالت میں جا سکیں، ہمیں کوئی گارنٹی دے دی جائے کہ خان صاحب کی جان پر کوئی حملہ نہیں ہوگا

بقیہ 6

معاملے پر بیان میں کہا کہ شیر بے گناہ بھی ہو تو بیٹی کا ہاتھ تھام کر لندن سے پاکستان آکر گرفتاری دیتا ہے اور گیڈر چور ہو تو گرفتاری سے ڈر کے دوسروں کی بیٹیوں کو ڈھال بنا کر چھپ جاتا ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ قوم لیڈر اور گیڈر کا فرق جان گئی ہے، باہر نکلو بزدل آدمی! مریم نواز نے والد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف تھوڑی سی بہادری عمران خان کو ادھار دیدیں۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کیلئے اسلام آباد پولیس لاہور زمان پارک پہنچی تھی، ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے اس حوالے سے ایک بیان میں کہا ہے کہ جب گورنمنٹ فیصلہ کرے گی یا عدالتی فیصلہ آئے گا تو عمران خان کو گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ 7

ملک پر مسلط کیا گیا ان کا پیسہ باہر پڑا ہے، کسی انسان، کسی ادارے کے سامنے کبھی جھکا نہ آپ کو جھکنے دوں گا، چور اور ڈاکو صورتحال جہاں لے گئے، ہجوم نہیں قوم اس کا مقابلہ کرے گی، آج ہمارا ملک دنیا کے سامنے ذلیل ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم دنیا سے پیسے مانگ رہا ہے لوگ ٹھکرا رہے ہیں، شہباز شریف کو 16 ارب روپے کے کرپشن کیس میں سزا ہونے لگی تھی، جنرل باجوہ نے اس کو بچا کر وزیراعظم بنا دیا، آصف زرداری پیچھے بیٹھ کر سارا کھیل کھیل رہا ہے، لندن میں بیٹھا بھگوڑا وہاں سے ملک کو کنٹرول کر رہا ہے جب بڑے مجرم باہر بیٹھ کر فیصلے کریں گے تو ملک کا دیوالیہ ہی نکلے گا۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف نے کہا کہ جس قوم میں ظلم کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہیں وہ بھیڑ بکریاں بن جاتے ہیں، آج یہ بھکاریوں کی طرح قرض مانگ رہے ہیں کوئی نہیں دے رہا، چور اوپر بیٹھے ہیں اس لیے کوئی قرض دینے کو تیار نہیں، حکمران اپنا پیسہ واپس لے آئیں تو آئی ایم ایف کے پاس جانے کی ضرورت نہیں، اپنا پیسہ بیرون ملک رکھا ہے اور لوگوں سے بھیک مانگ رہے ہیں۔

بقیہ 8

جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دونوں حکومتوں کی پالیسیاں امریکا اور آئی ایم ایف کی غلام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک دہشت گردوں، ٹارگٹ کلرز اور بھتہ خوروں کے حوالے ہے، حکومت کی رٹ نہیں، پشاور سے کراچی تک پولیس خود محفوظ نہیں تو عوام کیا محفوظ ہوں گے۔ جماعت اسلامی کے رہنما نے کہا کہ 3 ہزار ارب روپے ججز، فوج اور پولیس کو دیے جاتے ہیں، عوام کو نہ انصاف ملتا ہے اور نہ ہی سیکیورٹی۔ سینیٹر مشتاق احمد نے مزید کہا کہ اشرافیہ نے پاکستان کو لوٹا، ٹیکس ان کی شاہ خرچیوں پر خرچ ہوتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ بیورو کریٹس، سیاستدانوں، وزراء سمیت دیگر کو مفت پیٹرول، بجلی اور گیس دینا ختم کرنا ہوگا۔

بقیہ 9

منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم کو پی ٹی آئی ایم پی ایز کو مالی فوائد میں مدد دینے کے الزامات پر گرفتار کیا گیا۔ ذرائع اینٹی کرپشن کے مطابق جعلی ترقیاتی کاموں، فرضی کونسلرز اور بوگس بلوں کی مد میں خورد برد کی گئی۔ محکمہ اینٹی کرپشن کے ذرائع کے مطابق لوکل گورنمنٹ کے ریکارڈ اور منصوبوں کی چھان بین شروع کردی گئی۔

بقیہ 10

ہیں، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کا اللہ پاک سے بس حادثے میں جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور لواحقین کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا۔

بقیہ 11

۔ایک بیان میں مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ عمران خان کی 'رجیم ہٹانے والوں'، 'امپورٹڈ حکومت' اور خود پر 'حملہ کرانے والوں'، سب سے سمجھوتے کی بات، سمجھوتہ نہیں، این آر او کے لیے منتیں ہیں۔ سب سے بات کرنے اور سب سے سمجھوتہ کرنے کیلئے تیار ہوں: عمران خان وفاقی وزیر اطلاعات کے مطابق عمران خان سمجھوتے کی بات اس لیے کر رہے ہیں کہ ہیروں، 190 ملین پاؤنڈ اور القادر ٹرسٹ کی ٹرسٹی کا جواب نہ دینا پڑے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز سابق وزیراعظم عمران خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے کارکنوں سے خطاب میں کہا تھا کہ وہ سب سے بات کرنے اور سب سے سمجھوتہ کرنے کیلئے تیار ہیں۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ سیاستدان سب سے بات کرتا ہے کسی سے کُٹی نہیں کرتا لیکن جو لوگ ملک کا پیسا چوری کرتے ہیں ان سے کیسے سمجھوتہ ہوسکتا ہے؟ جنرل باجوہ نے کہا کہ ان کو این آر او دے دو، میں کون ہوتا ہوں کہ عوام کا پیسا ان کو معاف کردوں؟ چیئرمین تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ میں سب سے بات کرنے کو تیار ہوں، مجھے پتا ہے کہ قاتلانہ حملے میں کون کون ملوث تھا، ملک کی خاطر میں خود پر ہونے والے قاتلانہ حملے میں ملوث افراد کو معاف کرنے کو تیار ہوں، نیلسن منڈیلا نے 27 سال جیل میں گزارے، باہر آئے تو سب کو معاف کردیا، آج پاکستان جدھر کھڑا ہے سب کو اکٹھا ہونا پڑے گا

بقیہ 12

شپ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کی ٹیم عدالتی احکامات کی تعمیل کیلئے زمان پارک گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان جھوٹا پراپیگنڈا کرکے عدالتوں میں پیش نہ ہونے اور سزا سے بچنے کیلئے بہانے ڈھونڈ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال کے حوالے سے عدالت کو آگاہ کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی گرفتاری حکومت کیلئے کوئی مسئلہ نہیں ہے، جس دن فیصلہ ہوا انہیں گرفتار کرلیا جائے گا اور اس حوالے سے کارکن کوئی رخنہ نہیں ڈال سکتے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے توشہ خانہ میں چوری کی ہے اور اب یہ جھوٹے پراپیگنڈا کی آڑ میں سزا سے بچنے کی کوشش کر رہا ہے۔ عمران خان نے پہلے بھی قاتلانہ حملے کی غلط کہانی بنائی تھی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان جب دوسروں پر الزام تراشی کررہے تھے تو فرح گوگی کرپشن کا پیسہ باہر منتقل کر رہی تھی ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ الیکشن کروانا الیکشن کمیشن کا کام ہے (ن) لیگ الیکشن کیلئے پوری طرح تیار ہے تاہم الیکشن کمیشن اور دیگر اداروں نے اس معاملہ کو دیکھنا ہے اور یقینی بنانا ہے کہ ایکشن کے بعد مزید مسائل کھڑے نہ ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نیزہ بازی مقامی ثقافت کا حصہ ہے اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ سے معاشرہ پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں کھیل کے میدان آباد ہوں وہاں ہسپتال ویران ہوتے ہیں۔ اس لئے اس طرح کے ایونٹس منعقد ہونے چاہئیں۔ انہوں نے اس ایونٹ کے کامیاب انعقاد پر یونیورسٹی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا

بقیہ 13

لینڈ، امریکا اور جاپان کی فوجی اور سویلین خلائی ایجنسیاں بھی موجود ہیں۔ مشقوں کے تمام مراحل میں جاپان، سنگاپور، جنوبی کوریا اور انڈونیشیا شامل ہیں اور انسانی ہمدردی کی مشقوں میں چین، بھارت اور آسٹریلیا بھی شریک ہے۔

بقیہ 14

ڈسپنسری کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیشن جج عامر میر، ایڈیشنل سیکرٹری پنجاب اسمبلی چودھری ارشاد وڑائچ، چیئرمین سی بی اے یونین ملک افتخار کھوکھر، سابق ایس ایس پی میاں خان موہل، چودھری وقار فضل وڑائچ، چودھری وقاص فضل وڑائچ، چودھری عدیل عارف وڑائچ، سینئر صحافی افضل ایوبی، زاہد چودھری، میاں شمس، جنرل سیکرٹری ایگریس ٹاؤن میاں نعیم سمیت شہریوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر حاجی سرفراز وڑائچ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے سوسائٹی سے کیا گیا وعدہ پورا کر دکھایا ہے، ڈسپنسری کے قیام سے ایگریس ٹاؤن، خالق آباد، برکت پورہ اور رحیم آباد کے ساڑھے تین لاکھ سے زائد افراد مستفید ہوسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایگریس ٹاؤن میں گیس لانے کا وعدہ بھی پورا کر کے دکھائیں گے، سوسائٹی کے فلاح و بہبود ترقی کو عملی جامہ پہنانے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں۔ کوآپریٹو سوسائٹیز کروڑوں کا ٹیکس ادا کرنے کے باوجود سہولیات سے محروم ہیں، ہم نے اپنی مدد آپ کے تحت سوسائٹی کو ماڈل بنایا ہے۔

بقیہ 15

کی حالت تشویش ناک بتائی جاتی ہے۔ حادثے کے بعد ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ لاہور پولیس نے لاشیں تحویل میں لے کر کارروائی کا آغاز کردیا۔

بقیہ 16

لاہور کی جانب سے مارچ کے لیے این او سی جاری نہ کرنے پر تحفظات کا اظہار کیا تھا اور انسانی حقوق کمیشن پاکستان نے بھی نگراں حکومت سے مطالبہ کیا تھا کہ عورت مارچ کے پرامن اجتماع کے حق کو برقرار رکھنے کے اقدامات کئے جائیں اور مارچ کرنے والوں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔ جس پر حکومت پنجاب نے عورت مارچ کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے فول پروف سیکورٹی فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔

بقیہ 17

قدرت نے پوری کر دی محکمہ جنگلات میں چوکیدار کی حیثیت سے کام کرنے والے حفیظ کے متعلق انکشاف ہوا کہ جب اس کے گھر بچی پیدا ہوئی تب اس نے بیٹی کے ڈاکٹر بننے کی خواہش کی ماہین حفیظ کو دن رات محنت کر کے پڑھایا بیٹی نے بھی باپ کے ارمانوں کا خیال رکھا اور دن رات پڑھائی پر توجہ دی گزشتہ سال انٹر کے امتحان میں اس نے اعلیٰ نمبر لیے مگر کیپٹن حسین خان شہید ماڈل سائنس کالج راولاکوٹ کی طالبہ ماہین حفیظ نے ہمت نہیں ہاری اور اس سال کے نتائج میں اپنی محنت کا صلہ پایا اور اب میڈیکل انٹری ٹسٹ کلیئر کر کے وکٹوریہ میڈیکل کالج بہاول پور میں داخلہ لینے کامیابی حاصل کی غریب محنت کش سرکاری اہل کار حفیظ اپنی بیٹی کو بہاول پور کالج میں تین ساتھی طالبات کے ہمراہ ہاسٹل میں چھوڑ آنے کے بعد خوشی سے نہال ہے مہنگائی کی بڑھتی لہر کے باوجود حفیظ پرامید ہے کہ اگر مرچی سے خشک چپاتی کھانی پڑی وہ خاندان کو کھلا کر تنخواہ ایڈوانس لیکر بچی کو ڈاکٹر بنا کر دم لے گا حفیظ کا کہنا ہے کہ بچی کی پیدائش پر اس نے جو خواہش کی قدرت نے وہ پوری کر دی وہ خدا کی تعریفیں کرتے تھک نہیں رہا۔

بقیہ 18

فوری زمان پارک پہنچیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما فواد چودھری نے کہا کہ میں اس نااہل اور پاکستان دشمن حکومت کو خبردار کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کو مزید بحران میں نہ دھکیلیں اور ہوش سے کام لیں۔ پی ٹی آئی رہنما فرخ حبیب نے کہا کہ گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا، بنیادی طور پر عمران خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے ہیں، جوڈیشل کمپلیکس میں بھی پیش ہوئے ہیں، پیشی کے بعد اتنا وقت ہی نہیں بچا تھا کہ دوسری عدالت میں جا سکیں، ہمیں کوئی گارنٹی دے دی جائے کہ خان صاحب کی جان پر کوئی حملہ نہیں ہوگا۔ سابق وفاقی وزیر حماد اظہر نے بھی ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں پی ٹی آئی کارکنان کو فوری طور پر زمان پارک پہنچنے کی ہدایت کی ہے۔ خیال رہے کہ اسلام آباد پولیس توشہ خانہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کیلئے لاہور زمان پارک میں موجود ہے۔ عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کی خبر سن کر پاکستان تحریک انصاف کی سینئر لیڈرشپ زمان پارک پہنچنا شروع ہوگئی ہے، شاہ محمود قریشی، حماد اظہر، اسد عمر، اعظم سواتی، فواد چودھری، عمر ایوب سمیت سینئر پارٹی رہنما زمان پارک میں موجود ہیں

بقیہ 19

واضح کیا کہ میرج ایکٹ کی خلاف ورزی قطعاً برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 20

ڈاکٹر طاہر القادری کے ایجنڈے کے ساتھ کھڑا ہونا پڑے گا، انتخابات کو تمام مسائل کا حل سمجھنے والے ایک بار روئیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ضلعی سیکرٹریٹ میں پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی کے نومنتخب عہدیداروں صدر غلام علی خان، جنرل سیکرٹری سعید راجہ، آرگنائزر سردار نسیم انجم، ڈپٹی جنرل سیکرٹری امجد عباسی، سیکرٹری فنانس ملک خالد اور سیکرٹری انفارمیشن سہیل عباسی سے حلف لینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر پاکستان عوامی تحریک شمالی پنجاب قاضی شفیق الرحمان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ خرم نواز گنڈا پور کا مزید کہنا تھا کہ ہر گزرتا دن ڈاکٹر طاہر القادری کے موقف کو سچ ثابت کر رہا ہے، کارکن اپنی جدوجہد جاری رکھیں اور لوگوں کو مروجہ استحصالی نظام کی قباحتوں سے آگاہ کرتے اور انہیں اس کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار کرتے رہیں، پاکستان سے ہر استحصال کا خاتمہ ہماری منزل ہے۔

بقیہ 21

سے کامیاب کریگی، مسلم لیگ (ن) انتخابات میں دو تہائی اکثریت سے وفاق اور چاروں صوبوں میں حکومت بنائیگی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کے بعد ملک میں جاری آئینی اور سیاسی بحران مزید شدت اختیار کرگیا ہے پنجاب اور خیبر پی کے کی صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کا عدالتی حکم دینے سے پہلے متعلقہ اداروں سے رپورٹس لی جاتیں کہ کیا وہ انتخابات کرا سکتے ہیں، الیکشن صوبائی اور قومی اسمبلیوں کے ایک ہی دن ہونے چاہیں کیونکہ ملکی معیشت دوہرے انتخابات کے اخراجات برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتی یہ سیاست چمکانے کا نہیں ریاست بچانے کا وقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی انتخابات ہوئے تحریک انصاف کو عبرتناک شکست ہوگی اور مسلم لیگ (ن) ہر میدان میں واضح کامیابی حاصل کرے گی۔

بقیہ 22

پولیس سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کیلئے وارنٹ گرفتاری کے ساتھ لاہور میں موجود ہے تاہم ابھی تک گرفتاری عمل میں نہیں لائی جاسکی۔

بقیہ 23

بچوں سمیت 5 افراد ٹریلر کی زد میں آگئے، اور پانچوں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے

بقیہ 24

کی گئیں۔ منشیات فروشوں۔ کیخلاف درج مقدمات تھانہ سٹی میں تعینات اے ایس آئی ضیغم بلوچ کی مدعیت میں درج کئے گئے۔ گرفتار منشیات فروشوں میں غلام دستگیر۔ مزمل۔ اصغر۔ اختر۔ عدنان۔ زوہیب۔ اور شریف شامل۔ اس موقع پر ایس آئی ضیغم بلوچ کا کہنا تھا کہ ایس پی صاحب کے حکم پر منشیات فروشوں کا گھیرا تنگ کیا گیا ہے جو کہ کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے۔ منشیات فروشوں کے سرغنہ سلیم عرف بھولا کن ٹ ح ٹا کی گرفتاری کیلئے ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں جس کو جلد گرفتار کر کے منتقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ سٹی پولیس کی بڑی کاروائی پر ایس پی بلال محمود سلہری نے سٹی پولیس کو شاباش دی اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 25

پرامن طریقے سے منعقد ہوگا اور مارچ کے منتظمین کے تحفظات دور کردیے گئے ہیں

بقیہ 26

اور ایک قانون کا دعویٰ؟، آپ کا یہ کردار قانون سے کھلی بغاوت اور فساد ہے، پی ٹی آئی کے ٹائیگر کس بنیاد پر کہتے ہیں کہ خان بہادر ہیں؟، آج انقلابی خان نے بزدلی کی ایک تاریخ رقم کی ہے۔

بقیہ 27

اور فیض حمید ابھی بھی عمران خان کیلئے لابنگ کررہے ہیں جس پر اداروں کو نوٹس لینا چاہئے اور انہیں لگام ڈالیں۔

بقیہ 28

کی ضرورت نہیں ہوگی۔ اعتزاز احسن نے کہا کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ رانا ثناء اللہ چاہتے ہیں کہ عمران خان کے کارکنوں کی طرف سے بلوہ ہو، ایسا کچھ ہوجائے کہ انتخابات ملتوی ہوجائیں، بلاول بھٹو زرداری، آصف علی زرداری، عمران خان، نواز شریف، مریم نواز اور مولانا فضل الرحمان جیسے 5 سے 6 افراد ہماری سیاست میں ایسے ہیں جنہیں کچھ ہوگیا تو صورت حال کسی کے ہاتھ میں نہیں رہے گی، ملک میں بلوہ ہوجائے گا۔ بیرسٹر اعتزاز احسن نے کہا کہ اس وقت تک انہیں حمزہ شہباز شریف کی طرح تہہ خانے میں ہی رہنا پڑے گا۔ جیسے شک کا فائدہ حمزہ شہباز شریف کو دیا گیا تھا اسی طرح عمران خان کو بھی دیا جائے۔ ماضی کا حوالہ دیتے ہوئے اعتزاز احسن نے کہا کہ حمزہ شہباز کو پولیس لینے گئی تو میڈیا میں کہا گیا کہ وہ تہہ خانے میں چھپ گیا ہے لیکن پولیس تہہ خانے میں نہیں گئی، حمزہ شہباز کے وکلا نے عدالت سے اجازت لے لی۔ اسی طرح عمران خان کے وکلا عدالت میں کہہ دیتے ہیں کہ ان کے موکل پیش ہوجائیں گے تو عدالت ان کی ضمانت لے سکتی ہے۔

بقیہ 29

انہوں نے اسلام آباد میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن)پی ایم اے (کی دو روزہ سالانہ کانفرنس 2022-2023 کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے موسمیاتی تبدیلی محترمہ ناز بلوچ بھی موجود تھیں۔ پی ایم ڈی سی کی بحالی کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ایم ڈی سی کی بحالی کا مقصد ڈاکٹر برادری کی مدد کرنا اور عام لوگوں کو صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے میں ان کے اہم کردار کو تسلیم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ڈاکٹر کمیونٹی اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کی وجہ سے ہمارے دل کے بہت قریب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ کسی بھی غیر ملکی سرزمین پر جاتے ہیں انہیں ہمیشہ پاکستانی ڈاکٹروں کی تعریفیں سننے کو ملتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری قوم پرعزم ہے ہم جو چاہیں حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور کبھی بھی معاشی طور پر ڈیفالٹ نہیں کرے گا۔ اسپیکر نے پی ایم ڈی سی کی ایگزیکٹو باڈی کے انتخابات کو یقینی بنایا کی ضرورت پر زور دیا۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے موسمیاتی تبدیلی محترمہ ناز بلوچ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی سے پاکستان میں صحت کے نظام کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو گلوبل وارمنگ سے پیدا ہونے والے نئے چیلنجز کے مطابق تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے پاکستانی ڈاکٹرز کو خاص طور پر ملک میں COVID-19 کی وبائی بیماری سے نمٹنے کے لیے ان کے کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر اختر بندیشا صدر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (PMA) اسلام آباد نے PMDC کی بحالی اور PIMS اسلام آباد کو اس کی اصل حالت میں بحال کرنے پر سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پی ایم ڈی سی اور پمز کو اس کی اصل حالت میں بحال کرنے کے اپنے وعدے کو پورا کرنے پر پیپلز پارٹی کی موجودہ حکومت خصوصا سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو کے ولولہ انگیز اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 30

م بارشیں ہوں گی۔ ہیٹ ویو کے دوران ہیٹ اسٹروک کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے جو جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ شدید گرمی سے سانس لینے میں مشکلات اور پہلے سے لاحق بیماری کی شدت میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ ہر فرد جسمانی درجہ حرارت معمول پر رکھے بالخصوص بچوں، بزرگ اور سورج کی روشنی میں زیادہ گھومنے والے افراد کو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ کسی فرد کی عمر، دائمی امراض کی تاریخ اور پانی پینے کی مقدار ہیٹ اسٹروک کا شکار بنانے میں اہم کردار ادا کرنے والے عناصر ہیں۔ کن افراد کو زیادہ خطرہ ہوتا ہے؟ ہیٹ اسٹروک سے زیادہ تر وہ معمر افراد متاثر ہوتے ہیں جو ایسے اپارٹمنٹس یا گھروں میں مقیم ہوتے ہیں جہاں ایئر کنڈیشنر نہ ہو یا ہوا کا نکاسی کا نظام اچھا نہ ہو۔ اس سے ہٹ کر پانی کم پینے والے ہر عمر کے افراد یا دائمی امراض سے متاثر لوگوں کو بھی زیادہ خطرے کا سامنا ہوتا ہے۔ ہیٹ اسٹروک کی انتباہی علامات شدید گرمی میں زیادہ دیر تک رہنا اور جسم میں پانی کی کمی ہیٹ اسٹروک کا شکار بنانے والے عوامل ہیں کیونکہ ان کے باعث جسم اپنے درجہ حرارت کو کنٹرول نہیں کرپاتا۔ ہیٹ اسٹروک میں جسم کا درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے زیادہ ہوجاتا ہے جو عام حالات میں 37 ڈگری تک ہوتا ہے۔ ہیٹ اسٹروک کی ابتدائی انتباہی علامات ہوتی ہیں اور اگر آپ جلد ان کو پکڑ لیں تو زیادہ سنگین پیچیدگیوں کی روک تھام کرنا آسان ہوجاتا ہے۔ ہیٹ اسٹروک سے متاثر افراد میں اس طرح کی ذہنی الجھن ایک عام علامت ہوتی ہے جو فالج سے ملتی جلتی ہوتی ہے جبکہ مسلز اکڑ جانا، شدید گرمی کے باوجود پسینہ نہ آنا، بہت زیادہ تھکاوٹ، سردرد، سر چکرانا، غشی طاری ہونا اور متلی بھی اس کی ابتدائی عام علامات ہیں۔ اگر یہ علامات نظر آئیں تو سنگین نشانیوں سے قبل طبی امداد کے لیے رجوع کرنا چاہیے۔ ہیٹ اسٹروک کی سنگین ترین علامات میں جلد خشک ہوجانا یا رنگت زرد یا سرخ ہونا، الجھن، چلنا مشکل ہونا، آنکھوں کی پتلیاں پھیل جانا، قے ہونا، غیر معمولی یا نامناسب رویہ، دل کی دھڑکن تیز ہونا، سانس چڑھنا، بے ہوشی اور seizures قابل ذکر ہیں۔ اگر آپ کو یا آپ کے ارگرد کسی فرد کو گرم موسم کے دوران اوپر درج کسی ایک یا زیادہ علامات کا سامنا ہو تو فوری طور پر طبی امداد کے لیے رجوع کرنا زندگی بچانے میں مدد فراہم کرسکتا ہے۔

بقیہ 31

سے مذاکرات کی پیش رفت کا مثبت جواب دیا جائے ،عدلیہ سمیت کسی بھی ادارے کو متنازع نہ بنایا جائے، آئی ایم ایف کی کڑی شرائط کو لاگو کرنے سے ملک میں مہنگائی کا طوفان برپا ہوگیا ہے رمضان میں عوام کو ریلیف دیا جائے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اہل حدیث پاکستان کے چیئرمین علامہ قاضی عبدالقدیر خاموش نے پارٹی رہنماؤں حاجی عبدالغفار سلفی، حاجی محمد شفیق انصاری، چوہدری شعیب گوندل ،ثناء اللہ ڈار، ابوبکر قدوسی ، حافظ محمد انس ظہیر، حافظ عبدالباسط، حافظ انعام الرحمٰن ڈار و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا علامہ قاضی عبدالقدیر خاموش نے کہا کہ ملک میں ساتویں اور پہلی ڈیجیٹل مردم شماری کو شفاف بنانے کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی جماعتوں کے تحفظات اور تمام طبقات کے خدشات کو ختم کیا جائے، ابتر معاشی وسیاسی حالات میں بروقت اور پورے ملک میں ایک ساتھ عام انتخابات کا اعلان وقت کی ضرورت ہے۔ انحراف یا دوسرا راستہ ملک کو مزید نئے بحران کی طرف دھکیل دے گا، ملکی خسارے کا سارا بوجھ غریب آدمی پر ڈالنے کی بجائے مراعات یافتہ طبقہ وجاگیرداروں سے بھی ٹیکس لیا جائے ایک غریب ومقروض ملک کی 85 رکنی ملکی تاریخ کی رکارڈ کابینہ مفاد پرست حکمران ٹولے کی بے حسی کی انتہا ہے، انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے طوفان نے غریب آدمی کا زندہ رہنا مشکل بنادیا ہے ملکی خزانہ پر مٹھی بھر اشرافیہ عیاشیاں کررہا ہے تمام مراعات اور سبسڈی بھی انہی کو دی جارہی ہے، یہ غریب عوام کا خون چوسنے اور اپنے مفادات کیلئے اکٹھے ہوجاتا ہے صرف پارٹیوں کے جھنڈے تبدیل ہوتے ہیں باقی تمام حکمران جماعتوں کا ایجنڈا غربت کی بجائے غریب ختم کرو کا ہے۔ عوام کو اس بدبودار نظام اوران کے گماشتوں کیخلاف علم بغاوت اٹھانا ہوگا ورنہ ملک مزید مقروض اور آئندہ آنے والی نسلیں غلام در غلام رہیں گی۔

بقیہ 32

سامان فروخت کرنے والے 02 ملزمان جاوید محمود اور طیب کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے 200 انار، 09 چائنہ فائر بکس، 30 پھلجڑیاں، 20 ہوائیاں، 24 گولے اور 30 ماچس پٹاخے برآمد ہوئے، ایس پی راول فیصل سلیم نے گنجمنڈی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ آتش بازی اور ہوائی فائرنگ کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 33

اغواء اور زیادتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم زبیر کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے واہ کینٹ پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی پوٹھوہار وقاص خان کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 34

آباد پولیس نے ملزم خالد سے 12 لیٹر شراب، واہ کینٹ پولیس نے ملزم احسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، جاتلی پولیس نے ملزم احسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، چونترہ پولیس نے ملزم سرفراز سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 35

مزدوروں کی نمائندہ تنظیم ہے اور جس کا مقصد مزدوروں کی فلاح و بہبود کرنا ہے لیکن چند عناصر اس تنظیم کو اپنے ذاتی مفادات کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ گزشتہ سال نومبر میں ہونے والی پاکستان ورکرز فیڈریشن کی ایگزیکٹیو کونسل کی میٹنگ میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ پاکستان ورکرز فیڈریشن کے ریجنل اور قومی سطح کے الیکشن دو ماہ کے اندر آئینی اور جمہوری طریقے سے منعقد کیے جائیں گے جس کے لیے باقاعدہ تمام ریجنل قیادت کو تحریری طور پر آگاہ کیا گیا کہ پہلے حصے میں تمام ریجن اپنے اپنے الیکشن ریجنل سطح پر منعقد کرائیں اس کے بعد قومی سطح پر الیکشن کرائے جائیں گے۔ لیکن فیڈریشن میں موجود چند مفاد پرست عناصر جمہوری الیکشن کے بجائے سلیکشن چاہتے ہیں جس کی آئین میں کوئی گنجائش موجود نہیں ہے، جمہوری اور آئینی الیکشن کے خوف سے ان مفاد پرست عناصر نے 04 مارچ 2023 کو مزدوروں کی تنظیم پر شب خون مارنے کی کوشش کی جو کہ غیر قانونی وغیر آئینی عمل ہے، پاکستان ورکرز فیڈریشن کے آئین کے مطابق نیشنل جنرل کونسل کا اجلاس بلانا جنرل سیکرٹری کا اختیار ہے۔ الیکشن کے حوالے سے باقاعدہ این آئی آر سی میں کیس زیر سماعت ہے، جس میں تمام نیشنل اور ریجنل عہدیداران کو معطل کیا گیا ہے۔ اس صورت حال میں نیشنل جنرل کونسل کا انعقاد عدالتی احکامات کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، جس پر باقاعدہ ان عناصر کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں قومی صنعتی تعلقات ایکٹ 2012 کے تحت این آئی آر سی سے منتخب جنرل سیکرٹری ہوں اور پاکستان بھر کے مزدوروں کی نمائندگی کرتا ہوں ، اور جب تک آئینی اور جمہوری الیکشن منعقد نہیں ہوتے اس وقت تک قانونی طور پر اپنے فرائض سرانجام دیتا رہوں گا، ایسے مزدور دشمن اقدامات کا ہر فورم پر قانونی طریقے سے مقابلہ کیا جائے گا اور ان مفاد پرست عناصر کا قلع قمع کیا جائے گا، جنھوں نے ماضی میں بھی اسی طرح غیر جمہوری اور غیر آئینی طریقے سے مزدوروں کی تنظیموں پر شب خون مارا تھا۔ آخر میں انہوں نے پاکستان ورکرز فیڈریشن کی تمام ملحقہ ٹریڈ یونینز کے عہدیداران کو اپنے پیغام میں کہا کہ عدالتی حکم کے مطابق آئینی اور جمہوری الیکشن منعقد کرنا میری اولین ترجیح ہے تا کہ مزدوروں کی تنظیم میں حقیقی نمائندوں کا انتخاب ہو سکے اور مفاد پرست عناصر کو شکست دی جاسکے

بقیہ 36

سفید پوش طبقہ جینے کی امید چھوڑتا جارہا ہے، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں 41.8 فیصد اضافہ پاکستان کی 90 فیصد آبادی کی کمر توڑنے کے لیے کافی ہے، پاکستان کا ہر گھرانہ اب حکومت کی تبدیلی کے ناکام تجربے سے متاثر ہورہا ہے، اب اس غلطی کو سدھار لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کس کے مفاد میں ہے کہ پاکستان کے سب سے مقبول لیڈر کو ٹارگٹ کیا جائے، کون پاکستان کو انارکی کی طرف دھکیلنا چاہتا ہے، پاکستانی ایک تاریک رات سے گزر رہے ہیں اور عمران خان ایک روشن صبح کی امید ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود کو 20 فیصد پر پہنچا دیا گیا یہ، پٹرولیم کے استعمال میں 19 فیصد کمی ہوئی ہے، یہ دونوں فیکٹرز ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، شرح سود بڑھانے سے سرمایہ کاری کم ہوتی ہے نتیجتاً بیروزگاری بڑھتی ہے، صنعتیں بند ہوتی اور جب انڈسٹری ہی نہیں چلے گی تو مشینری کی امپورٹس اور ایندھن کا استعمال بھی کم ہوتا جائے گا۔

بقیہ 37

عبدالحلیم خان قصوریہ نے مزید کہا کہ صوبائی محکمہ جات میں پچھلے سالوں سے بے پناہ غفلت جارہی ہے جو کہ اب کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا تمام صوبائی محکمہ جات کا یہ خیال ہو کہ کرپشن کرکے کل کلاں انکو تبدیل کردیا جائے گا تبدیلی کے ساتھ ساتھ انکا کڑا احتساب کیا جائے گا۔ قومی خزانے کو اربوں روپے کا ٹیکہ لگانے والے افسر شاہی کو ہرگز معاف نہیں کریں گے اور اربوں روپے کی وصولی لے کر قومی خزانے میں دوبارہ جمع کریں گے۔ ڈیرہ اسماعیل خان سے لے کر خیبر پختونخوا' اسلام آباد سے لیکر ایبٹ آباد تک افسر شاہی کے اثاثہ جات کو اوپن کریں گے۔ کوئی چیز پس پردہ نہیں رہنے دینگے ڈیرہ کی غیور عوام میرے ساتھ ہے اور ہم مثبت فیصلے کرنے کیلئے تیار ہیں ۔ تفصیلات کے مطابق نگران صوبائی وزیر خیبر پختونخوا الحاج عبدالحلیم خان قصوریہ مزید کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان اور ٹانک کی 75 فیصد آبادی دیہی ہے جو کہ زراعت سے وابستہ ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ زمینداروں کو زیادہ سے زیادہ حکومتی سہولیات میسر ہوں تاکہ زراعت ترقی کرے اور نوجوانوں میں بے روزگاری کا خاتمہ ہوسکے۔ گذشتہ دنوں ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکرٹری زراعت اور ڈائریکٹر زراعت کی کاشتکاروں پر مشتمل انکے مسائل کے حل کیلئے کی گئی میٹنگ کو کامیاب کرنے کیلئے ہم مسلسل رابطے میں ہیں اور انشاء اللہ کامیابی ہمارا مقدر ہوگی۔ نگران صوبائی وزیر خیبر پختونخوا الحاج عبدالحلیم خان قصوریہ نے میڈیا سے گفتگو کے دوران مزید کہا کہ ہم انشاء اللہ ڈیرہ اسماعیل خان میں قیام امن کیلئے بھرپور کوشاں ہیں جہاں ہم ڈیرہ اسماعیل خان کی غیور عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں وہاں ہم ڈیرہ پھلاں دا سہرا کے فلسفے پر قائم ہیں اور انشاء اللہ ڈیرہ اسماعیل خان کو ڈیرہ کی غیور عوام کی بدولت ایک بار پھر ڈیرہ پھلاں دا سہرا بنا کر دم لیں گے۔ تفصیلات کے مطابق نگران صوبائی وزیر خیبر پختونخوا الحاج عبدالحلیم خان قصوریہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سابق حکومت کی بہت سی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے بہت سے مسائل در پیش ہیں مگر ہم انشاء اللہ ڈیرہ اسماعیل خان سمیت صوبہ خیبر پختونخوا کی غیور عوام کے بنیادی حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اور خاص کر ڈیرہ اسماعیل خان اور ٹانک میرا اپنا شہر ہے اس کی تعمیر وترقی وخوشحالی میرا مشن ہے۔ نگرانی صوبائی وزیر الحاج عبدالحلیم خان قصوریہ نے مزید کہا کہ جہاں ہماری ذمہ داریاں نگران الیکشن کے حوالے سے ہیں وہاں میں ڈیرہ اسماعیل خان کی غیور عوام کے بنیادی انسانی حقوق کی بحالی کیلئے ہر ممکن کوشش کررہا ہوں اور کامیابی ہمارا مقدر ہوگی۔ ڈیرہ کی تعمیر وترقی اور خوشحالی میرا مشن ہے' الحاج عبدالحلیم قصوریہ' اہلیان ڈیرہ کی عوام کو اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ میرے گھر کے دروازے ہمیشہ کی طرح آج بھی کھلے ہیں۔ اور میں جہاں نگران الیکشن کے حوالے سے کام کریں گے وہاں میری اولین کوشش ہوگی کہ میں ڈیرہ کی غیور عوام کے بنیادی مسائل حل کر سکوں ۔ نگران صوبائی وزیر خیبر پختونخوا الحاج عبدالحلیم خان قصوریہ نے کہا کہ اللہ پاک سے دعا ہے کہ میں نگران وزیر کی حیثیت سے بلاامتیاز لوگوں اور علاقہ کی خدمت کروں 'علاقہ کے مسائل حل ہوں صوبے میں امن کا قیام اور عوام کے حقیقی مسائل کو حل کروں ۔ انہوں نے کہا کہ میرے دروازے عوام کی خدمت کیلئے ہر وقت کھلے ہوں گے 'اپنے دور اقتدار کے دوران کسی سے زیادتی نہیں ہونے دونگا ۔بلاتفریق عوامی مسائل کو حل کرنے میں اپنی تمام توانائیاں بروئے کار لاؤنگا 'ڈیرہ اسماعیل خان کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی میرا مشن ہوگا۔

بقیہ 38

کے مطابق سفارت کار نے جواب دیا آپ کو اپنا اصولی موقف پیش کرنے کے لیے، چین اور پاکستان ہر قسم کے حالات میں اسٹریٹجک اور تعاون پر مبنی شراکت دار اور آہنی بھائی ہیں۔ دونوں فریقوں نے ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیا ہے۔ چین پاکستان کے ساتھ قریبی اقتصادی اور مالی تعاون کرتا رہا ہے اور معاشی استحکام برقرار رکھنے، شعبہ ہائے زندگی کو بہتر بنانے اور خود ساختہ ترقی کے حصول کے لیے اس کی کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا مجھے یہ بتانا ضروری ہے کہ ایک مخصوص ترقی یافتہ ملک کی بنیاد پرست مالی اور مالیاتی پالیسیاں اور ان کے سنگین اثرات پاکستان اور بہت سے دوسرے ترقی پذیر ممالک کو درپیش مالی مشکلات کی بنیادی وجہ ہیں۔ ترقی پذیر ممالک کے قرضوں کا بڑا حصہ مغربی قرض دہندگان اور کثیر جہتی مالیاتی ادارے ہیں۔ چین پاکستان کے معاشی اور سماجی استحکام کی کوششوں میں تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تمام فریقین سے مشترکہ کوششوں کا مطالبہ کرتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس کا جواب دیتے ہوئے اسحاق ڈار نے سوشل میڈیا پر پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال پر چین کے ردعمل کو عوامی سطح پر سراہا ہے گوادر پرو کے مطابق اسحاق ڈار نے کہا کہ 2 مارچ 2023 کو بلومبرگ کو چین کا جواب دونوں ممالک اور اس سے آگے کی دوستی کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے

بقیہ 39

حلہ مکمل کیا گیا۔ جس میں خوشاب میں مقرر کردہ ہدف کا سو فیصد، بھکر میں 98 فیصد، سرگودھا میں 96 فیصد اور میانوالی میں 94 فیصد ہدف حاصل کیا گیا۔ دوسرے مرحلے میں لسٹنگ کا عمل 5 سے 10 مارچ تک جاری رہے گا جس میں شمار کنندگان گھر گھر جا کر نمبر لگا رہے ہیں۔ کمشنر نے خانہ ومردم شماری کے حوالے سے چاروں اضلاع میں ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنروں کو شمار کنندگان کا حوصلہ بڑھانے و چیکنگ کے لیے خود فیلڈ میں نکلنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز شہر کے علاوہ دور دراز کے دیہی علاقوں کا بھی دورہ کریں اور خانہ ومردم شماری کے جاری کام کا موقع پر جا کر معائینہ کریں۔ کمشنر نے شمار کنندگان کو ٹرانسپورٹ اور سیکورٹی کو ہر صورت یقینی بنانے کی بھی ضرورت پر زور دیتے ہوئے پہلے مرحلہ کے ہدف کو بھی سو فیصد حاصل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں شماریات اور لوکل گورنمنٹ کے افسران بھی شریک تھے

بقیہ 40

چھوٹی جھوک وینس کے قریب تیز رفتار کار سامنے سے آتی توڑی سے بھری ٹریکٹر ٹرالی سے بچنے کے لئے کھمبے میں ٹکرا گئی۔ جس کی وجہ سے کار میں سوار 75 سالہ برکت ولد نور حسین موقع پر دم توڑ گیا جبکہ 40 سالہ حسنین ولد برکت اور 34 سالہ فخر ولد ذوالفقار زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 نے جائے حادثہ پر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دی اور 15 پر کال کرکے پولیس کو بھی اطلاع کی۔ پولیس نے قانونی کارروائی مکمل کرکے جاں بحق شخص کی لاش لواحقین کے حوالے کردی۔

بقیہ 41

فائرنگ کی ویڈیو بنا کر تشہیر کی اور خوف وہراس پھیلایا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش قطعاً برداشت نہیں کی جائے گی، ہوائی فائرنگ کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 42

کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 43

، 35 بھکاریوں کو گرفتار کرکے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروادیا، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے، عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 44

ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی اوسید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ 45

بھر میں 1844 سٹورز کا جھال بچھا ہوا ہے اور اس سال رمضان کے لئے اشیائے خوردونوش میں آٹا 16830 میٹرک ٹن، چینی 8925 میٹرک ٹن، گھی 8160 میٹرک ٹن، دال چنا 561 میٹرک ٹن، دال مسور 278 میٹرک ٹن، سفید چنا 574 میٹرک ٹن، باسمتی چاول 574 میٹرک ٹن، سیلا چاول 230 میٹرک ٹن، اور ٹوٹا چاول 701 میٹرک ٹن مختص کیے گئے ہیں۔ سرکاری حکام کے مطابق صوبے میں قائم ہونے والے رمضان سستا بازاروں میں بھی یوٹیلیٹی سٹور کا ایک ایک سیلز پوائنٹ لگایا جائے گا۔

بقیہ 46

کرتے ہوئے احمد حسن ،ندیم اور پل وٹواں سے زاہد سرفراز کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے 3615 گرام چرس برآمد کرلی جبکہ پل مہر آباد سے کاشف اور قادری چوک سے انعام اللہ کو 4 2 لیٹر شراب سمیت گرفتار کرلیا مقدمات درج۔

بقیہ 47

ہال میں چوہدری سہیل اشرف کی بیٹی کی شادی میں شرکت کی اور دلہے کو پھولوں کی مالا پہنائیں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ 48

زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں زیرو ویسٹ مہم کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ چاروں ڈپٹی کمشنرز نے اس ضمن میں تفصیلی بریفنگ دی۔ سرگودھا میں کمشنر محمد اجمل بھٹی کی سربراہی میں 6 مارچ پیر کے روز صبح ساڑھے نو بجے ان کے دفتر سے واک کرکے صفائی مہم کا آغاز کیا جائیگا۔ واک میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی کے علاوہ سرکاری افسران و ملازمین ، جامعہ سرگودھا سمیت دیگر سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات کے علاوہ ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صفائی نصف ایمان مہم کے سو فیصد اہداف کو حاصل کرنے کے لیے چاروں ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں کنٹرول روم قائم کرکے فوکل پرسن بھی مقرر کردیے گئے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صفائی مہم کے پہلے ہفتے شہری علاقوں، سڑکوں، میڈینز کی صفائی پر فوکس ہوگا۔ کم وسائل والے علاقوں کی صفائی ترجیح ہوگی اور یونین کونسل سطح پر زیرو ویسٹ یقینی بنانے کے لیے افسران وعملہ کو ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ پہلے ہفتہ کے دوران ہی شہریوں میں صفائی مہم کے حوالے سے آگاہی کے لئے بھرپور مہم چلائی جائے گی اس دوران واکس، سیمینارز، کمیونٹی موبلائزیشن، تعلیمی اداروں میں سیشنز کا اہتمام کیا جائے گا۔ کمشنر کو بتایا گیا کہ مہم کے دوسرے ہفتے اربن ایریاز میں سیوریج نالوں، تنگ گلیوں اور گنجان علاقوں، سبزی و فروٹ منڈیوں، بس اسٹینڈ، قبرستانوں کی صفائی کی جائے گی، سڑکوں کو دھویا جائے گا ، گھروں ، مارکیٹوں سمیت پبلک مقامات پر صفائی اور آگاہی کے ساتھ صفائی مشینری کی مرمت کی جائے گی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی ، ڈپٹی کمشنر خوشاب شبیر رانا، ڈپٹی کمشنر میانوالی سجاد احمد خان، ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے

بقیہ 49

نو طیارے مار گرائے اور دو طیاروں کو نقصان پہنچایا اس کارنامے پر انہیں دو مرتبہ ستارہ جرات کا اعزاز عطا کیا گیا ایم ایم عالم 18 مارچ 2013 کو کراچی میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 50

سے شاپنگ کرتا ہے انہوں نے نواز شریف کی صاحبزادی مریم نواز پر تنقید کرتے ہوئے لکھا کہ اس کی بیٹی خود وزیراعظم بننے کے لیے لوگوں کو بے وقوف بنارہی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے موجودہ وزیراعظم شہباز شریف پر تنقید کرتے ہوئے مزید لکھا کہ اس کا چھوٹا بھائی ہمیں مزید لوٹنے کے لیے وزیراعظم بن گیا اور اس کے بھائی نے 11 ماہ میں معیشت کا بیڑہ غرق کردیا۔

بقیہ 51

تقریب میں امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 280 چوہدری اطہر مقبول، اجمل خان نیازی رہنما تحریک انصاف چوہدری پرویز اختر تحصیل سیکرٹری تحریک انصاف چوہدری مقصود احمد صدر تحریک انصاف گرے والا حافظ مزمل قیوم تحصیل فنانس سیکرٹری تحریک انصاف اور معززین علاقہ نے شرکت کی۔

بقیہ 52

کیلئے مذاکرات کیے جائیں، حکمران معاشی بحالی کیلئے وسیع تر مشاورت کے ذریعے معاشی استحکام اور ترقی کی نئی راہوں کا تعین کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاسی اور معاشی حالات انتہائی پریشان کن ہیں، مہنگائی اس وقت عوام کے لیے کسی ناسور سے کم نہیں، ہمارے سیاست دان اقتدار کے لالچ میں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے ہر قسم کا حربہ استعمال کررہے ہیں، ملک میں جاری سیاسی تناؤ کے اثرات پوری قوم محسوس کر رہی ہے، پاکستان اس وقت مزید کسی انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ سیاست دان ملک اور قوم کی خاطر اپنی اپنی دوکانداری چمکانے کی بجائے ملکی سلامتی اور معاشی استحکام کیلئے ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 53

کرنا چاہ رہا ہوں۔ فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ پاکستان کو مزید بحران میں نہ دھکیلیں اور ہوش سے کام لیں۔ عمران خان نے اپنی لیگل ٹیم کو زمان پارک طلب کرلیا ہے۔ واضح رہے کہ ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کئے تھے۔ توشہ خانہ کا مطلب کیا ہے؟ توشہ خانہ فارسی زبان کا لفظ ہے . ریختہ ڈکشنری کے مطابق اس کے معنی ہیں وہ مکان جہاں امیروں کے لباس، پوشاک اور زیورات وغیرہ جمع رہتے ہیں۔ یعنی ساز وسامان کا پلندہ کے ہیں۔ توشہ خانہ کیا ہے؟ پاکستان میں گزشتہ کئی دہائیوں سے حکومتوں کی جانب سے ایک خاص مقام کو مختص کیا جاتا ہے، جہاں دوسری ریاستوں کے دوروں پر جانے والے حکمران یا دیگر اعلیٰ عہدیداران کو ملنے والے بیش قیمت تحائف محفوظ کیے جاتے ہیں۔ پاکستان میں بھی توشہ خانہ ایسی جگہ ہے جہاں دوسرے ممالک سے ملنے والے قیمتی تحائف محفوظ ہوتے ہیں۔ پی ٹی آئی حکومت کو ملنے والے تحائف کی تفصیلات گزشتہ حکومت کے دور میں ایک شہری کی جانب سے پاکستان انفارمیشن کمیشن (پی آئی سی) میں درخواست دائر کی گئی تھی کہ پی ٹی آئی کے دور حکومت میں ملنے والے تمام تحفے، خاص طور پر وہ تحائف جو وزیراعظم اور وزرا نے رکھے، ان کی تفصیل فراہم کی جائے قانونی ماہرین کے مطابق حکومت یہ تفصیل جمع کروانے کی پابند بھی ہے مگر حکومت نے پی آئی سی میں یہ جواب جمع کروایا تھا کہ غیر ملکی تحائف کی تفصیل سے ان ممالک کے درمیان تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں، اس لیے انہیں ملکی مفاد میں جاری نہیں کیا سکتا۔

بقیہ 54

ایم ٹولے کی ہٹ دھرمی کے خلاف ریفرنڈم تھا، عوام پی ڈی ایم ٹولے کے انتخابات کے انعقاد میں ہر ممکن رکاوٹیں ڈالنے کے فاشسٹ منصوبے کو ناکام بنائیں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے امپورٹڈ ٹولہ ہوش کے ناخن لے اور ملک بھر میں عام انتخابات کا اعلان کیا جائے، ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام پورے ملک میں شفاف انتخابات کے انعقاد سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنا ہے گوشہ نشیں ہونے والے حمزہ شہباز کو بھی کسی بڑے عہدے کا لالچ دے کر واپسی کیلئے راضی کیا گیا، (ن) لیگ والے اپنے مفرور لیڈر کو واپس لائیں تاکہ انہیں شکست کے بعد یہ کہنے کا موقع نہ ملے کہ ہمارا لیڈر ملک میں نہیں تھا، مسلم لیگ (ن) انتخابات میں عبرتناک شکست کے حقائق جاننے کیلئے پیشگی کمیٹی بھی تشکیل دے لے۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ انشااللہ عمران خان کی قیادت میں وفاق اور چاروں صوبوں میں بھاری اکثریت سے حکومتیں بنائیں گے۔

بقیہ 55

کا کہنا ہے کہ عمران خان کو گرفتار کرنے کی کوشش ہوئی تو مزاحمت کی جائے گی، زمان پارک پر موجود پی ٹی آئی کارکنوں نے عمران خان کی رہائشگاہ کے باہر سیکیورٹی بھی سنبھال لی ہے۔ ممکنہ گرفتاری اور وارنٹ کے اطلاع ملتے ہی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں کی جانب سے کارکنان کو فوری طور پر زمان پارک پہنچنے کی ہدایات دی گئیں۔ واضح رہے کہ دوسری جانب آئی جی اسلام آباد اکبر ناصر نے ایس ایس پی اسلام آباد سے رابطہ کیا اور انہیں عمران خان کو آج ہی گرفتار کرنے کی ہدایت دی ہے۔ آئی جی اسلام آباد اکبر ناصر نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ پولیس نے عمران خان کو نوٹس پہنچادیا ہے، جس میں عدالت کی جانب سے عمران خان کو گرفتار کرنیکا حکم دیا گیا ہے، قانون کے مطابق انہیں ہر صورت گرفتار کیا جائیگا۔ آئی جی اسلام آباد کا کہنا تھا یہ وارنٹ عمران خان کو گرفتار کرنیکا حکم ہے، احکامات بہت واضح ہیں، کارکنوں کا گرفتاری میں رکاوٹ ڈالنا خود ایک جرم ہے، قانون کی منشا یہی ہے کہ عمران خان کو گرفتار کرکے مقرر وقت پر عدالت میں پیش کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس ٹیم کو مکمل بریفنگ اور قانونی اختیارات کے ساتھ روانہ کیا ہے، عمران خان کی گرفتاری کے بعد کی صورتحال کے لیے مکمل تیار ہیں، پنجاب پولیس سے مکمل رابطے میں ہیں، قانون کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کیخلاف مؤثر کارروائی ہوگی۔ خیال رہے کہ 28 فروری کو توشہ خانہ کیس میں عدم پیشی پر ایڈیشنل سیشن جج اسلام آباد ظفر اقبال نے عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔

بقیہ 56

کارکردگی کو سراہا، وزیراعظم نے بھی پاکستان کی ترقی کے منصوبوں میں قطر کی مسلسل حمایت پر اظہار تشکر کیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف نے دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانے کے وسیع مواقعوں کو اجاگر کیا، سرمایہ کاری، تجارتی اور پاکستان سے ہنرمند افراد کی قطر برآمد کے طریقوں اور ذرائع بڑھانے پر بات چیت بھی کی گئی۔ امیر قطر نے وزیراعظم شہباز شریف کو قطر آمد پر خوش آمدید کہا، امیر قطر نے پاکستان اور قطر کے درمیان معاشی تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، وزیراعظم نے امیر قطر کو دورہ پاکستان کی دعوت دی جسے انہوں نے قبول کرلیا۔

بقیہ 57

گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی طور پر عمران خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے ہیں، جوڈیشل کمپلیکس میں بھی پیش ہوئے ہیں، پیشی کے بعد اتنا وقت ہی نہیں بچا تھا کہ دوسری عدالت میں جا سکیں، ہمیں کوئی گارنٹی دے دی جائے کہ خان صاحب کی جان پر کوئی حملہ نہیں ہوگا

بقیہ 58

معاملے پر بیان میں کہا کہ شیر بے گناہ بھی ہو تو بیٹی کا ہاتھ تھام کر لندن سے پاکستان آکر گرفتاری دیتا ہے اور گیڈر چور ہو تو گرفتاری سے ڈر کے دوسروں کی بیٹیوں کو ڈھال بنا کر چھپ جاتا ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ قوم لیڈر اور گیڈر کا فرق جان گئی ہے، باہر نکلو بزدل آدمی! مریم نواز نے والد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف تھوڑی سی بہادری عمران خان کو ادھار دیدیں۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کیلئے اسلام آباد پولیس لاہور زمان پارک پہنچی تھی، ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے اس حوالے سے ایک بیان میں کہا ہے کہ جب گورنمنٹ فیصلہ کرے گی یا عدالتی فیصلہ آئے گا تو عمران خان کو گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ 59

ملک پر مسلط کیا گیا ان کا پیسہ باہر پڑا ہے، کسی انسان، کسی ادارے کے سامنے کبھی جھکا نہ آپ کو جھکنے دوں گا، چور اور ڈاکو صورتحال جہاں لے گئے، ہجوم نہیں قوم اس کا مقابلہ کرے گی، آج ہمارا ملک دنیا کے سامنے ذلیل ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم دنیا سے پیسے مانگ رہا ہے لوگ ٹھکرا رہے ہیں، شہباز شریف کو 16 ارب روپے کے کرپشن کیس میں سزا ہونے لگی تھی، جنرل باجوہ نے اس کو بچا کر وزیراعظم بنا دیا، آصف زرداری پیچھے بیٹھ کر سارا کھیل کھیل رہا ہے، لندن میں بیٹھا بھگوڑا وہاں سے ملک کو کنٹرول کر رہا ہے جب بڑے مجرم باہر بیٹھ کر فیصلے کریں گے تو ملک کا دیوالیہ ہی نکلے گا۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف نے کہا کہ جس قوم میں ظلم کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہیں وہ بھیڑ بکریاں بن جاتے ہیں، آج یہ بھکاریوں کی طرح قرض مانگ رہے ہیں کوئی نہیں دے رہا، چور اوپر بیٹھے ہیں اس لیے کوئی قرض دینے کو تیار نہیں، حکمران اپنا پیسہ واپس لے آئیں تو آئی ایم ایف کے پاس جانے کی ضرورت نہیں، اپنا پیسہ بیرون ملک رکھا ہے اور لوگوں سے بھیک مانگ رہے ہیں۔

بقیہ 60

جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دونوں حکومتوں کی پالیسیاں امریکا اور آئی ایم ایف کی غلام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک دہشت گردوں، ٹارگٹ کلرز اور بھتہ خوروں کے حوالے ہے، حکومت کی رٹ نہیں، پشاور سے کراچی تک پولیس خود محفوظ نہیں تو عوام کیا محفوظ ہوں گے۔ جماعت اسلامی کے رہنما نے کہا کہ 3 ہزار ارب روپے ججز، فوج اور پولیس کو دیے جاتے ہیں، عوام کو نہ انصاف ملتا ہے اور نہ ہی سیکیورٹی۔ سینیٹر مشتاق احمد نے مزید کہا کہ اشرافیہ نے پاکستان کو لوٹا، ٹیکس ان کی شاہ خرچیوں پر خرچ ہوتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ بیورو کریٹس، سیاستدانوں، وزراء سمیت دیگر کو مفت پیٹرول، بجلی اور گیس دینا ختم کرنا ہوگا۔

بقیہ 61

منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم کو پی ٹی آئی ایم پی ایز کو مالی فوائد میں مدد دینے کے الزامات پر گرفتار کیا گیا۔ ذرائع اینٹی کرپشن کے مطابق جعلی ترقیاتی کاموں، فرضی کونسلرز اور بوگس بلوں کی مد میں خورد برد کی گئی۔ محکمہ اینٹی کرپشن کے ذرائع کے مطابق لوکل گورنمنٹ کے ریکارڈ اور منصوبوں کی چھان بین شروع کردی گئی۔

بقیہ 62

ہیں، اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کا اللہ پاک سے بس حادثے میں جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحتیابی اور لواحقین کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا۔

عمران خان اس قابل نہیں کہ ان کے ساتھ بات چیت کی جائے، فضل الرحمن

ہم نے ہمیشہ عدالتوں کا احترام کیا، ہم مقررہ وقت پر انتخابات کے انعقاد پر یقین رکھتے ہیں، ہم آئین اور ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں

فضل الرحمان نے مزید کہا کہ 2 صوبوں میں انتخابات ہوتے ہیں تو پرانی مردم شماری پر ہوں گے، عمران خان اس قابل نہیں

پشاور (خصوصی رپورٹر) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ) پی ڈی ایم (کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ انتخابات مردم شماری کے بعد ہونے چاہئیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ عدالتوں کا احترام کیا، ہم مقررہ وقت پر انتخابات کے انعقاد پر یقین رکھتے ہیں، ہم آئین اور ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، ہم نے ملکی حالات کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کرنا ہے، ملک میں مردم شماری کا عمل جاری ہے، 2 صوبائی اسمبلیاں ٹوٹنے کے حوالے سے تمام حقائق کو سامنے رکھنا چاہیے۔ پی ڈی ایم سربراہ فضل الرحمان نے مزید کہا کہ 2 صوبوں میں انتخابات ہوتے ہیں تو پرانی مردم شماری پر ہوں گے، عمران خان اس قابل نہیں کہ اس کے ساتھ بات چیت کی جائے، ہمارے علم میں آیا ہے کہ ریٹائرڈ چیف جسٹس ثاقب نثار (بقیہ نمبر 27)

لاہور: شیر بیگناہ بھی ہوتو بیٹی کا ہاتھ تھام کر گرفتاری دیتا ہے: مریم نواز

عمران نے گرفتاری سے بچنے کیلئے خواتین کارکنوں کو ڈھال بنایا، ترجمان PDM

پی ٹی آئی کے ٹائیگر کس بنیاد پر کہتے ہیں کہ خان بہادر ہیں؟، آج انقلابی خان نے بزدلی کی ایک تاریخ رقم کی ہے

جیل بھرو تحریک کے روح رواں اور امریکہ کو للکارنے والا مرد مجاہد عدالت حاضر ہو، اگر دامن صاف ہے، حافظ حمد اللہ

اسلام آباد (خبر نگار) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے ترجمان حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان نے گرفتاری سے بچنے کیلئے خواتین اور کارکنوں کو ڈھال بنایا ہے۔ عمران خان کی ممکنہ گرفتاری پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان پی ڈی ایم حافظ حمد اللہ نے کہا کہ جیل بھرو تحریک کے روح رواں اور امریکہ کو للکارنے والا مرد مجاہد عدالت حاضر ہو، اگر دامن صاف ہے، گھڑی چور نہیں ہو تو خود کو قانون کے حوالے کرو۔ انہوں نے کہا کہ قانون پر عملداری کا بھاشن دینے والا قانون سے بھاگ رہا ہے، زمان پارک بنکر میں چھپنے سے تم نیلسن منڈیلا نہیں بلکہ ایک بزدل اور ڈرپوک لیڈر ثابت ہوئے، اگر یہ بدمعاشی اور غنڈہ گردی ایک عام آدمی کرتا تو اس کو گھسیٹ کر گرفتار کیا جاتا۔ حافظ حمد اللہ کا مزید کہنا تھا کہ عمران خان کہاں ہے آپ کا ایک پاکستان (بقیہ نمبر 26)

لاہور: لیڈر بہادری کے ساتھ گرفتار ہوتے اور گیدڑ بھاگ جاتے ہیں: مریم اورنگزیب

عمران خان کی گرفتاری سے متعلق اعتزاز احسن کا موقف آ گیا

اگر عمران خان گھر پر نہیں ہیں تو وارنٹ گرفتاری کی تعمیل نہیں ہوگی، اعتزاز احسن

نا قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونے پر عدالت پیش نہ ہونے کا کوئی جواز نہیں

لاہور (جنرل رپورٹر) عمران خان کی گرفتاری سے متعلق اعتزاز احسن کا موقف آ گیا ہے۔ ممتاز قانون دان اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ نا قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونے پر عدالت پیش نہ ہونے کا کوئی جواز نہیں، اگر عمران خان گھر پر نہیں ہیں تو وارنٹ گرفتاری کی تعمیل نہیں ہوگی۔ سینئر وکیل نے کہا کہ عمران خان کے نا قابل ضمانت وارنٹ جاری ہوئے ہیں تو انہیں گرفتار کرنا ہوگا۔ اگر عمران خان گرفتار نہیں دیتے تو وہ وقت مقررہ پر عدالت پہنچ جائیں، عدالت میں پیش ہوگئے تو انہیں گرفتاری دینے (بقیہ نمبر 28)

پاکستان ڈیفالٹ نہیں کرے گا اور ترقی کرنے کی راہ پر گامزن رہے گا، اسپیکر قومی اسمبلی

پاکستانی ڈاکٹرز کمیونٹی کی پیشہ ورانہ مہارت اور لگن پر فخر ہے، اسپیکر راجہ پرویز اشرف

اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے موسمیاتی تبدیلی محترمہ ناز بلوچ بھی موجود تھیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ صحت کے شعبے سے وابستہ ڈاکٹرز نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور لگن سے COVID-19 کے دوران جو قربانیاں دی ہیں ان کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے ڈاکٹرز کمیونٹی کو پاکستان میں عام لوگوں کو صحت کی دیکھ بھال میں لگن اور محنت سے کام کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن) پی ایم اے (کے ہیلتھ پروفیشنلز کی ہر ممکن مدد کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا اعادہ کیا۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 29)

Pakistan Medical Association
(PMA) Islamabad
Conference 2022-2023 Pakistan
March
اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی پولیس کی کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی

اشتہاری مجرم سال 2020 سے ویسٹریج پولیس کو مطلوب تھا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 03 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم فاروق حسین کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم سال 2020 سے ویسٹریج پولیس کو مطلوب تھا، ائیرپورٹ پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم شوکت کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم سال 2021 سے مطلوب تھا، واہ کینٹ پولیس نے (بقیہ نمبر 33)

گنجمنڈی پولیس کی کاروائی

آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 02 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) گنجمنڈی پولیس کی کاروائی، آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 02 ملزمان گرفتار، سامان آتش بازی برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی پولیس کا پتنگ فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن

59 ملزمان گرفتار، سینکڑوں پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج، سی پی او

12 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے 108 پتنگیں اور ڈوریں برآمد کرلیں

راولپنڈی (خبر نگار) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن، 59 ملزمان گرفتار، سینکڑوں پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق راول ڈویژن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے 108 پتنگیں اور ڈوریں برآمد کرلیں، پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 45 ملزمان کو گرفتار کرکے 725 پتنگیں اور ڈوریں برآمد کیں، صدر ڈویژن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ملزمان سے پتنگیں اور ڈوریں برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی، پتنگ بازی اور پتنگ فروشی جرم ہے، ایسے جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے گا۔

دو صوبوں کی بجائے پورے ملک میں ایک ہی وقت میں انتخابات کروائے جائیں، علامہ قاضی عبدالقدیر خاموش

اسلام آباد/راولپنڈی (رانا فہد سے) جمعیت علماء اہل حدیث پاکستان نے مطالبہ کیا ہے کہ دو صوبوں کی بجائے پورے ملک میں ایک ہی وقت میں انتخابات کروائے جائیں بار بار انتخابات سے ملک انتشار کا شکار ہوگا۔ عمران خان کی طرف (بقیہ نمبر 31)

محکمہ موسمیات کی ملک میں ہیٹ ویو مارچ میں ہی آنے کی پیش گوئی

ملک کے بیشتر علاقوں میں دن اور رات کا درجہ حرارت معمول کے اوسط درجے سے زائد رہنے کا امکان ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) محکمہ موسمیات نے ملک میں ہیٹ ویو مارچ میں ہی آنے کی پیش گوئی کر دی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں دن اور رات کا درجہ حرارت معمول کے اوسط درجے سے زائد رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیشین گوئی کی ہیکہ ملک کے بیشتر حصوں میں بارشیں معمول کے مطابق ہونیکا امکان ہے جب کہ خیبر پختونخوا کے شمالی علاقوں میں معمول سے کم بارشوں کا امکان ہے، گلگت بلتستان کے بیشتر علاقوں میں بھی معمول سیک (بقیہ نمبر 30)

پاکستان ورکرز فیڈریشن (PWF) کی 04 مارچ 2023 کو ہونے والی نیشنل جنرل کونسل غیر قانونی اور غیر آئینی ہے، چوہدری محمد یٰسین

اسلام آباد (اسد جعفری سے) پاکستان ورکرز فیڈریشن (PWF) کی 04 مارچ 2023 کو ہونے والی نیشنل جنرل کونسل غیر قانونی اور غیر آئینی ہے، الیکشن کے حوالے سے کیس نیشنل انڈسٹریل ریلیشن کمیشن (NIRC) میں زیر سماعت ہے، ان خیالات کا اظہار پاکستان ورکرز فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین نے اپنے ایک بیان میں کیا، انھوں نے کہا کہ پاکستان ورکرز فیڈریشن (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی

05 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جارہی ہے، ایس ایس پی

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی، 05 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم عطاالرحمان سے 01 کلو 460 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم خالد سے 12 لیٹر شراب، واہ کینٹ پولیس نے ملزم احسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، جاتلی پولیس نے ملزم احسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، چونترہ پولیس نے ملزم سرفراز سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔ راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی، 05 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم عطاالرحمان سے 01 کلو 460 گرام چرس، صادق (بقیہ نمبر 34)

ملکی معاشی صورتحال پر مغربی میڈیا کو چین کا جواب قابل تعریف ہے، وزیر خزانہ

چین کا جواب دونوں ممالک اور اس سے آگے کی دوستی کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے، وزیر خزانہ کا بیان

جون تک پاکستان پر 7 ارب ڈالر کا قرضہ ہے، جس میں چین کے قرضے بھی شامل ہیں۔ تو کیا قرضے اتارے جائیں گی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے عوامی جمہوریہ چین کی وزارت خارجہ کے مغربی میڈیا کے جواب کو سراہاتے ہوئے کہا ہے کہ چین کا جواب دونوں ممالک اور اس سے آگے کی دوستی کی گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان معاشی آزمائش کی گھڑیوں سے گزر رہا ہے اور چین نے اپنی مالی مدد بڑھا دی ہے۔ بلومبرگ نے 2 مارچ کو باقاعدہ پریس کانفرنس میں چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان ماؤ ننگ سے پوچھا، موڈیز اور فچ دونوں کا کہنا ہے کہ جون تک پاکستان پر 7 ارب ڈالر کا قرضہ ہے، جس میں چین کے قرضے بھی شامل ہیں۔ تو کیا قرضے اتارے جائیں گی۔ گوادر پرو (بقیہ نمبر 38)

لاہور: عمران خان کی گرفتاری حالات کو شدید خراب کرے گی، پی ٹی آئی

سابقہ 10 سالہ دور حکومت میں کرپشن کا احتساب کیا جائے گا' نگران صوبائی وزیر عبدالحلیم قصوریہ

ڈیرہ اسماعیل خان (اسپیشل رپورٹر) نگران صوبائی وزیر خیبر پختونخوا الحاج عبدالحلیم خان قصوریہ نے ڈیرہ اسماعیل سے پشاور آنے والے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زراعت سمیت دیگر صوبائی محکمہ جات میں بہتری لانے کیلئے کوشاں ہیں اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کریں گے۔ اس موقع پر سماجی شخصیت شاہد راج سے گفتگو کرتے ہوئے نگران صوبائی وزیر خیبر پختونخوا الحاج (بقیہ نمبر 37)

عمران خان نے قوم کو مسائل کی دلدل سے باہر نکالنے کا روڈ میپ دیدیا' جمشید اقبال چیمہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے فوکل پرسن فوڈ سکیورٹی وخصوصی اقدامات جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان نے قوم کو مسائل کی دلدل سے باہر نکالنے کا روڈ میپ دے دیا ہے، اگر امپورٹڈ ٹولہ مزید کچھ ماہ کے لئے مسلط رہا تو ملک وہاں پہنچ جائے گا جہاں سے واپسی کسی کے بس کی بات نہیں ہوگی۔ زمان پارک میں گفتگو کرتے ہوئے جمشید اقبال چیمہ نے کہا کہ آج عوام بالخصوص (بقیہ نمبر (بقیہ نمبر 36)

پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں

آٹے سے لدی 04 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 1699 تھیلے آٹا برآمد

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائیاں، آٹے سے لدی 04 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 1699 تھیلے آٹا برآمد۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائیاں کرتے ہوئے آٹے سے لدی 04 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، نصیر آباد پولیس نے 03 ڈرائیور امجد علی، نسیم اللہ اور خضر حیات کو گرفتار کرکے 1399 آٹا برآمد کیا، ٹیکسلا پولیس نے ڈرائیور لیاقت علی کو گرفتار کرکے 300 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف (بقیہ نمبر 42)

گوجرخان: مارکیٹ کمیٹی اراضی سکینڈل نہ انکوائری رپورٹ پبلش ہوئی نہ اسکے پیچھے چھپے چہرے بے نقاب ہوسکے

مارکیٹ کمیٹی اراضی سکینڈل نہ انکوائری رپورٹ پبلش ہوئی نہ اسکے پیچھے چھپے چہرے بے نقاب ہوسکے

رات کے اندھیرے میں مارکیٹ کمیٹی آراضی پر تعمیراتی کام ایک بار پھر شروع انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار نبھانے میں مصروف

عوام میں شدید تحفظات پائے جانے لگے گزشتہ روز رات کی تاریکی میں مارکیٹ آراضی پر تعمیرات کا سلسلہ ایک بار پھر شروع ہوگیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجرخان مارکیٹ کمیٹی سکینڈل کا معاملہ پیچیدہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے پیچھے چھپے چہروں کو بھی بے نقاب کرنے سے گریز اں کیا جانے لگا نہ ہی اس معاملے کی انکوائری تا حال پبلش ہوسکی جس سے عوام میں شدید تحفظات پائے جانے لگے گزشتہ روز رات کی تاریکی میں مارکیٹ آراضی پر تعمیرات کا سلسلہ ایک بار پھر شروع ہوگیا سوشل میڈیا پر تعمیرات کو ہائی لائٹ کرنے کے باوجود بھی تا حال انتظامیہ کی جانب سے کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا گیا تعمیرات کی متعدد بار کوششیں کی گئیں اور انکو سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا پر ہائی لائٹ کیا گیا مگر نجانے ایسے کونسے ہاتھ اس کام کے پیچھے ہیں جن کو بچانے کے لیے انتظامیہ نہ تو انکوائری رپورٹ شائع کر رہی ہے اور نہ اس معاملے پر کوئی ردعمل یا کسی کے بھی خلاف کوئی کاروائی کر رہی ہے انتظامیہ کے اس عمل کی وجہ سے شہریوں میں شدید تحفظات پائے جانے لگے ہیں اور شہریوں میں چہ میگوئیاں ہونے لگی ہیں کہ انتظامیہ کس کو بچانے میں لگی ہے اور کیوں کسی کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کر رہی ہے عوام علاقہ ہرگز نہیں کہتے کہ کام روکا جائے عوام کا مطالبہ صرف حقائق بتانے تک محدود ہے ارباب اختیار عوام علاقہ کو حقائق سے آگاہ کریں۔

ملک بھر کی طرح سرگودھا کے چاروں اضلاع میں جاری خانہ ومردم شماری

کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت روزانہ شام جائزہ اجلاس کا انعقاد کیا جارہا ہے

سرگودھا (ظہور حسین بخاری سے) ملک بھر کی طرح سرگودھا کے چاروں اضلاع میں جاری خانہ ومردم شماری کے حوالے سے کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت روزانہ شام جائزہ اجلاس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ چوتھے روز کے اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنرز نے خانہ ومردم شماری پر ایک دن میں ہونے والی پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا یکم مارچ سے تین مارچ تک خانہ ومردم شمار (بقیہ نمبر 39)

سرگودھا: کمشنر محمد اجمل بھٹی خصوصی صفائی مہم کے انتظامات کا جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملتان میں کار اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، 2 زخمی

ملتان (جنرل رپورٹر) بند بوسن روڈ پر چھوٹی جھوک وینس کے قریب ٹریفک حادثہ میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق گزشتہ رات گئے (بقیہ نمبر 40)

ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، سوشل میڈیا پر ناجائز اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کی تشہیر کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، سوشل میڈیا پر ناجائز اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کی تشہیر کرنے والا ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر ناجائز اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کی تشہیر کرنے والے ملزم کو گرفتار کرکے اسلحہ برآمد کرلیا، ملزم عزیر علی نے سوشل میڈیا پر اسلحہ اور ہوائی (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 35 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہوکر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق انچارج بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے، 35 بھکاریوں کو گرفتار کرکے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہوکر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے، عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق انچارج بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے (بقیہ نمبر 44)

جہاں باقاعدہ سٹور نہیں وہاں سیلز پوائنٹس اور موبائل یونٹس کی سہولت دی جائے گی، یوٹیلیٹی سٹور حکام

سرکارہ حکام کے مطابق یوٹیلیٹی سٹور کارپوریشن کے صوبے بھر میں 1844 سٹورز کا جھال بچھا ہوا ہے

صوبے میں قائم ہونے والے رمضان ستا بازاروں میں بھی یوٹیلیٹی سٹور کا ایک ایک سیلز پوائنٹ لگایا جائے گا

پشاور (خبر نگار) رمضان المبارک میں شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لئے یوٹیلیٹی سٹور کارپوریشن کے جہاں باقاعدہ سٹور نہیں وہاں سیلز پوائنٹس اور موبائل یونٹس کی سہولت دی جائے گی اسی طرح ضم اضلاع میں سب ڈویژنل یا تحصیل ہیڈ کوارٹر کی سطح پر سٹور قائم کئے جائیں گے۔ سرکارہ حکام کے مطابق یوٹیلیٹی سٹور کارپوریشن کے صوبے بھر میں 1844 سٹورز کا جھال بچھا ہوا ہے اور اس سال رمضان کے لئے اشیائے خوردونوش میں آٹا 16830 میٹرک ٹن، چینی 8925 میٹرک ٹن، گھی 8160 میٹرک ٹن، دال چنا 561 میٹرک ٹن، دال مسور 278 میٹرک ٹن، سفید چنا 574 میٹرک ٹن، باسمتی چاول 574 میٹرک ٹن، سیلا چاول 230 میٹرک ٹن، اور ٹوٹا چاول 701 میٹرک ٹن مختص کئے گئے ہیں۔ سرکاری حکام کے مطابق صوبے میں قائم ہونے والے رمضان ستا بازاروں میں بھی یوٹیلیٹی سٹور کا ایک ایک سیلز پوائنٹ لگایا جائے گا۔ سرکارہ حکام کے مطابق یوٹیلیٹی سٹور کارپوریشن کے صوبے (بقیہ نمبر 45)

پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن 5- منشیات فروش گرفتار

عارف والا (نیوز رپورٹر) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن 5- منشیات فروش گرفتار 3615 گرام چرس اور 24 لیٹر شراب برآمد تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں EB/51 کے نزدیک پولیس نے کاروائی (بقیہ نمبر 46)

سابق سٹی کونسلر چوہدری سہیل اشرف کی صاحبزادی کی رخصتی کی پروقار تقریب

سماجی، شخصیات اور صحافی و وکلا برادری کی شرکت سب نے نیک خواہشات کا اظہار کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجرخان کی کاروباری، سیاسی ہر دلعزیز شخصیت، پیارے بھائی سابق سٹی کونسلر اور چوہدری کیبل نیٹ ورک کے اونر چوہدری سہیل اشرف کی صاحبزادی کی شادی خانہ آبادی شان رانا کے ساتھ بخیر وخوبی گوجرخان میرج حال میں سرانجام پائی رخصتی کی اس پروقار تقریب میں سیاسی سماجی کاروباری شخصیات صحافی برادری نے بھرپور شرکت کی پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل گوجرخان کے سرپرست اعلی راجہ جاوید اشرف کی آمد پر انکا پرتپاک استقبال کیا گیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں اور مالا پہنائی گئیں اس پروقار تقریب میں شہر کی دیگر نمایاں شخصیات سابق چیرمین بلدیہ راجہ بشارت طاہر راحیل ایڈوکیٹ، راجہ عمران کامی، اختر بٹ، راجہ قاسم صغیر بھٹی، راجہ کاشف کاشی، انفور سمٹ انسپکٹر خواجہ بلال سلیم، صدر پوٹھوہار پریس کلب احمد نواز کھوکھر، ملک اسد، ملک جاوید، ملک نصیر، راجہ عمر لطیف، شاہد بٹ، چوہدری یونس جونی، راجہ ظفر اور دیگر احباب نے گوجرخان میرج (بقیہ نمبر 47)

گوجرخان: سابق سٹی کونسلر چوہدری سہیل اشرف کی صاحبزادی کی رخصتی کی پروقار تقریب

حکومت پنجاب کی ہدایت پر ڈویژن کے چاروں اضلاع میں 15 روزہ خصوصی صفائی مہم "صفائی نصف ایمان ہے

سرگودھا (ظہور حسین بخاری سے) حکومت پنجاب کی ہدایت پر ڈویژن کے چاروں اضلاع میں 15 روزہ خصوصی صفائی مہم "صفائی نصف ایمان ہے" کا آغاز 6 مارچ پیر سے ہوگا اور یہ مہم 19 مارچ تک جاری رہے گی۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی کی (بقیہ نمبر 48)

پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی 10 ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائیگی

ایم ایم عالم 18 مارچ 2013 کو کراچی میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے تھے

اسلام آباد (اسد جعفری سے) پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی 10 ویں برسی 18 مارچ کو منائی جائیگی وہ 6 جولائی 1935 کو کلکتہ میں پیدا ہوئے انکا اصل نام محمد محمود عالم تھا ایم ایم عالم 1952 میں پاکستان ائیرفورس میں شامل ہوئے 1965 کی پاک بھارت جنگ میں سرگودھا کے محاذ پر ایک ڈاگ فائٹ کے دوران پانچ انڈین ہنٹر جنگی طیارے ایک منٹ کے اندر مار گرائے جن میں چار تیس سیکنڈ کے اندر مار گرائے تھے یہ ایک عالمی ریکارڈ تھا اس جنگ کے دوران ایم ایم عالم نے مجموعی طور پر دشمن کے (بقیہ نمبر 49)

کرامت علی سینئر سیکرٹری تحریک انصاف گرے والا، کے صاحبزادے محمد بلال کی شادی کی پروقار تقریب، چوہدری اطہر مقبول کی شرکت

ولیمہ کی تقریب میں، اجمل خان نیازی رہنما تحریک انصاف چوہدری پرویز اختر کی شرکت

کارکنان تحریک انصاف چوہدری مقصود احمد، حافظ مزمل قیوم، معززین علاقہ نے شرکت

لیہ (رپورٹ چیف رپورٹر کاشف انور) کرامت علی سینئر سیکرٹری تحریک انصاف گرے والا کے صاحبزادے محمد بلال کی شادی چک نمبر 104 ایم ایل میں سرانجام پائی ولیمہ کی (بقیہ نمبر 51)

لیہ: کرامت علی سینئر سیکرٹری تحریک انصاف گرے والا، کے صاحبزادے محمد بلال کی شادی سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت ولیمہ کے تقریب کے بعد گروپ فوٹو

نواز شریف کی لندن کے شاپنگ سینٹر آمد، علی زیدی نے فوٹیج شیئر کردی

کراچی (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی زیدی نے سابق وزیر اعظم نواز شریف کی لندن میں بیٹھلے کار میں شاپنگ سینٹر پہنچنے کی فوٹیج شیئر کردی۔ علی زیدی نے ٹوئٹ میں لکھا کہ ایک مجرم لندن میں رہتا ہے اور بیٹھلے گاڑی میں گھومتا ہے، یہ مجرم برانڈڈ اسٹور پر لوٹی دولت (بقیہ نمبر 50)

پاکستان اس وقت مزید کسی انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ مولانا علیم الدین شاکر

لاہور (نیوز رپورٹر) خلیفہ مجاز سید نفیس الحسن شاہؒ، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی، مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرہ للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ ہر طبقہ مہنگائی سے نجات کی دوہائی دے رہا ہے، پاکستان کی سالمیت اسلام سے وابستہ ہے، ملک میں سیاسی انتشار کے خاتمے (بقیہ نمبر 52)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ضرورت
نمائندگان
دُنیا بھر سے میل / فی میل
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354